صالحہ بہتیرا پوچھتي تھي مگر نعیمہ ھاتھون سے [12] پرے کو دھکیلتي جاتي تھي اور کچھ جواب نہین دیتي تھي آخر صالحہ نے کہا [13] نہ بتاؤ تو مجھي کو کھاؤ تب نعیمہ خفا ھوکر بولي چل مکارہ مجھي سے باتین بنانے آئي ھي ۔ کیا تجھکو خبر نہین

صالحہ ۔ ابھي مولوي ھدایت اللہ صاحب کے وعظ سے اٹھي چلي آتي ھون یہان آئي تو خالہ امّان اور گھروالے سب مردانہ مکان مین ھین اتنا سنا کہ بڑے بھائي خفا ھوکر گھر سے [14] جا رھے ھین مجھکو تمسے ملنے کي جلدي تھي خالہ امّان کو سلام کر سیدھي اندر چلي آئي یہان آکر دیکھا تو نہ آدمي نہ آدمزاد تمکو سارے گھر مین ڈھونڈھتي پڑي پھري

نعیمہ ۔ کیون بڑے بھائي کس بات پر گھر سے نکل رھے ھین

صالحہ ۔ لوگ آپسمین کہہ رھے تھے کہ خالوابّا نے کہلا بھیجا ھي نماز پڑھین تو میرے گھر مین رھین ورنہ جہان چاھین چلے جائین

---

posed to have been uttered in a way which awoke the suspicion in Na'îma's mind that her cousin had come to her by request.

[14] *Jâ-rahe hain*, 'he is in a state of going, or, on the move'; more simply, 'he is going,' or preparing to go, though he has not yet gone.

The ordinary explanation of this form of expression is given at Ch. II. 16; but the phrase is best regarded as participial, *hûe* being understood after *jâ-rahe*, with the meaning of state or condition, just as *baithî hûn* (next page, line 6) is equivalent to *baithî hûî hûn*, 'I am seated ready.' So, too, *akar-rahâ hai* is really *akar-rahâ hûâ hai*, 'he is strutting, or on the strut,' a very different thing from *akartâ hai*, 'he is strutting (not walking).'

[12] *Pare ko dhakeltî jâtî thî*, 'kept on pushing her away.' The union of the present participle with *jânâ*, both being in concord with the subject, generally indicates *progression*. See Ch. I. 59; and among other examples which have occurred, see p. 46, line 11: *badî barhtî aur phailtî jâegî*, 'the evil will go on increasing and spreading.'

Parâ, *par*, or *pra*, is a Sanskrit particle which conveys the idea of remoteness or separation, our 'from' or 'fro': e.g. *parâya*, 'stranger,' *prades*, 'a foreign land,' *pâr* or *parlâ*, 'on the *far* side,' or the 'off' side as opposed to the 'near' side.

[13] *Na batâo to mujhî ko khâo*, which may be rendered 'Say or slay,' is a proverbial phrase, and from what follows may be sup-

نعيمه ـ آگ لگے اس نماز کو ـ يهه کيا اب گهر مين کسيکو تهوڑا هي رهنے ديگي يهه تو حميده کے سوا‌ے سبهي کو نکلوائيگي

صالحه ـ تو کيا آپا تم بڑے بهائي هي کيواسطے پڑي رو رهي تهين

نعيمه ـ مجهکو تو بيچارے بڑے بهائي کي خبر بهي نهين انسے پهلے مين آپ نکلنے کو بيٹهي هون

صالحه ـ توبه آپا توبه کيسي بدفال منهه سے نکالتي هو که خدا پناه مين رکهے ـ الله نکرے که کسي بهلے مانس اشراف کي [15] بهوبيٹي گهر سے نکلے

نعيمه ـ جب سے اس نماز روزے کا چرچا همارے گهر مين هوا هي بهلمنساهت اور شرافت سب گئي گذري هوئي ـ اب آئي هو تو دو چار دن رهکر هر ايك کا رنگ ڈهنگ ديکهنا نه وه زمين رهي نه آسمان [16] گهر کا باوا آدم هي کچهه بدل سا گيا هي نه وه هنسي هي نه وه دل لگي هي نه وه چرچے هين نه وه مذاق هي نه وه چهچهے هين گهر مين ايك اوداسي چهائي رهتي هي ورنه ابهي ايك مهينے کا مذکور هي که محلے کي عورتين تمام تمام دن بهري رها کرتي تهين

---

chapter. Platts, § 365, needlessly limits the use of the affix to substantives, adjectives and pronouns. In the effort after terseness which characterises the language, this particle effects a convenient riddance of the somewhat cumbrous pronominal adjectives of kind. For instance, *aisî 'âdat jaisî pâjiyon kî 'âdat* becomes *pâjiyon kî sî 'âdat*, or *pâjiyon jaisî 'âdat* (p. 145, lines 12, 13); so also, *aisâ shâ'ir jaise main* becomes *mujhsa shâ'ir*. See Ch. XII. 52. For further remarks on the usage of this particle, see Note 82 below.

[15] *Bahû-betî*, 'daughters-in-law and daughters.' The term is a collective singular, and is used to describe the younger ladies of the zenana.

[16] *Ghar kâ bâwâ-âdam hî kuchh badal sâ gayâ hai*, 'the head of the family indeed is changed-like,' or, as the Americans say, 'kind o' changed'; or, to bring out the sense of *kuchh*, 'somewhat changed, as it were.' The particle of similitude, *sâ*, qualifies the verb, just as in the phrase *chaunk sî parî*, 'she started up, as it were,' which occurs in this same

کوئي گیت گارهي هي کوئي کهاني کهہ رهي هي ـ یہہ همسائي اعجوبہ
کچهہ اس طرح کي زندہ‌دل هین کہ هر روز نئي نئي نقلین کرکے سب
کو هنساتے لٹا لٹا دیتي تهین اب کوئي گهر مین آکر تهوکتا
بهي نهین [17] گهر هي کہ کم بخت اکیلا پڑا بهائین بهائین کیاکرتا هي

صالحہ ـ آجر اسکا سبب کیا

نعیمہ ـ سبب [18] تمهاري خالہ جان اور حمیدہ کے ابّا جان کي
بدمزاجي ـ [19] کسیکو کیا غرض کیا مطلب کہ اپنے کام کا هرج کرے
اور پرائے گهر آکر بیٹهے کیا لوگون کے گهرون مین بیٹهنے کي جگهہ
نهین لوگون کي خاطرداري هوتي تهي [20] محبت سے انکے ساتهہ پیش
آتي تهین لوگ دوڑے آتے تهے ـ اب یہہ حال هي کہ هر وقت منهہ
کُپّے کي طرح پهولا رهتا هي ـ [21] غیرآدمي کیون برداشت کرنے لگے
سب کے سب چلتے پهرتے نظر آئے ـ ابّاجان کے اچهے هونے پر
[22] ڈومنیون نے سیکڑون هي پهیرے کئے سبهي نے کها همسائي

---

them affectionately.' *Mahabbat* (not *muhabbat*), is a *masdar mîmî*, or "mîmated infinitive," from the 'doubled' root حبّ, 'to be dear.' *Masarrat*, p. 132, line 13, is a word of similar formation.

[21] *Gair-âdmî*, &c., 'visitors did not care to put up with (this novel treatment): the whole lot took themselves off.'

For *lagnâ*, see Ch. V. 51. *Chalte phirte nazar âo* is a proverbial phrase. See Fallon.

[22] *Domniyon ne saikron hî phere ki'e*, 'the Domnîs came round hundreds of times,' to offer their services. The Domnî is a professional female merry-maker, accustomed to visit respectable zenanas on occasions of domestic rejoicing (*taqrîb*).

[17] *Ghar hai kih*, &c., 'As for the house, it lies forlorn and desolate, and keeps up a constant moan.'

Bhâ'en bhâ'en karnâ is descriptive of the noise of the wind rushing through an empty tenement.

[18] *Tumhâṛî khâlâ jân*, &c. N. shows her resentment by using the most distant terms for her mother and father. She calls the one her cousin's aunt and the other her sister's father.

[19] *Kisî ko kyâ garz kyâ matlab*, &c., 'What object, what purpose, could anyone have in neglecting his own business and coming to sit in another person's house (unless he was welcome).'

[20] *Mahabbat se unke sâth pesh atî thîn*, 'my mother used to treat

اعجوبہ نے منتین کین هاتھ جوڑے [23] ایك نہ مانی [24] آخر وہ رت جگا تو خاك بھی نهوا نگوڑے مسجد کے ملانون کو بلاکر کھلادیا ـ اب تو بوا دن رات نماز کا وظیفہ هی وہ دیکھو تخت پر هر وقت [25] نماز کا چیتھڑا بچھا رهتا هے وضو کا کلھڑا کیا مجال کہ کسی وقت پاس سے الگ هوجائے کام‌کاج سے فارغ هوئین تو یا نماز پڑھنے کھڑی هوگئین یا کتاب پڑھنے بیٹھ‌گئین ـ ایك حمیدہ کٹنی انکو ایسی ملگئی هی کہ [26] اور انکو اکسایاکرتی هی میرا بس چلے تو کتیا کو ایسا مارون ایسا مارون کہ یاد کرے

صالحہ ـ ای‌هی حمیدہ تو نگوڑی ایسی غریب اور بھولی لڑکی هی کہ مین نے تو آج تك کوئی اسکی شرارت کی بات دیکھی کیا سنی بھی نهین اور تمکو تو اتنا چاهتی هی کہ کاهیکو کوئی بهن کسی بهن کو چاهیگی ـ اور تمھاری کیا خصوصیت هی هر ایك سے وہ اسی طرح محبت سے ملتی هی مین تو تمسے سچ کهون مجھکو تو بهت هی پیار آتا هی جب آتی هون خوب بھینچ بھینچ کر کئی کئی دفعہ گلے لگاتی هون

نعیمہ ـ جسکو دیکھتی هون [27] حمیدہ هی کا کلمہ بھرتا هی اور

---

[23] *Ek (bât) na mâni*, 'she did not agree to a single thing'; referring to her mother.

[24] *Âkhir woh rat-jagâ to khâk bhî na hûâ*, 'The end of it was, the festival we planned did not take place at all.' This refers to the *rat-jagâ* mentioned at p. 40, line 2. Domestic rejoicings of this kind usually take place at night, and are a welcome diversion of the monotony of zenana life.

[25] *Namâz kâ chîthrâ*, 'the prayer-rag,' a contemptuous substitute for the *jâe-namâz*, or 'prayer-carpet.' *Chîthrâ* is the term for a beggar's rags, as in Nazîr's line—

اور چیتھڑون لگا هی سو هی وہ بھی آدمی

'And the fellow dressed in rags—he, too, is a man.'—*Âdmî-nâma* (Vol. iv. 14).

[26] *Aur unko uksâyâ-kartî hai*, 'she keeps urging her on still more.'

[27] *Hamîda hî kâ kalima bhartâ hai*, 'makes profession of faith in Hamîda.'

میري یهہ کیفیت هي کہ اسکو دیکهہ دیکهکر میري آنکهون مین خون اترتا هي

صالحه ـ اچهي کیون

نعیمه ـ مجهکو امّا سے اسي نے برا بنوایا ورنہ آج تک مجهکو امّا نے کبهي [28]هون بهي نهین کها تها [29]یا آج [30]چهوٹتے کے ساتهہ نہ بات نہ چیت مجهکو تهپڑ کهینچ مارا ـ [31]خیر الهي حمیده بندي تجهکوٴ انهین هاتهون سے امّا جوتیان مارین تب میرے کلیجے مین تهنڈك پڑے اور جیسي تو آج کل سر چڑهي هي ویسي هي نظرون سے گرے تب میرے دل کي مراد برآئے

صالحه ـ خالہ اماّ نے تمکو تهپڑ مارا یهہ کب اور کیون

نعیمه ـ آج صبح ذرا لڑکا حمیده کو دیکر مین هاتهہ منهہ دهونے چلي گئي تم کهتي هو کہ بهانجے پر فدا هي لڑکے کو روتا هوا زمین مین پٹك دیا [32]اسکو اتنا بهي ترس نہ آیا کہ ابهي پسلي کے دکهہ سے مر مرکر بچا هي یون جو زمین مین بٹهائے دیتي هون ایسا نہو کهین اسکو صبح کي ٹهنڈي هوا لگ جاے اور پهر بیمار پڑے ـ بس اتنا قصور میرا ضرور هي کہ مین نے هولے سے حمیده کو هاتهہ لگایا ـ

---

[28] *Hûn* or *hû*: for the meaning of this see Ch. VII. 85.

[29] *Yâ*, 'Instead of this.' This usage has already been noticed at Ch. II. 56; VI. 34.

[30] *Chhûtte ke sâth*, 'suddenly.' See Ch. VI. 62. *Hâth* may be understood, and the correspondence with our term 'letting out' is at once apparent. Compare the expression translated at Ch. XIII. 27, and the *chhuttam-chhuttâ*, 'a regular sparring-match,' used at the beginning of this chapter.

[31] *Khair ilâhî*, &c. Na'îma here apostrophizes her sister: 'Good God, my girl Hamîda! If mother would but give you a shoe-beating with those hands of hers.'

[32] *Usko itnâ bhî tars na âyâ*, &c. 'She had not even the pity (to reflect) that the child had only just escaped death from pleurisy, and that, if she put it down in this way, the cold morning air might strike it, and it might be ill again.' The idiomatic *mar markar bachnâ* is incapable of literal rendering.

[33]هاتھ کا لگانا تھا کہ وہ فیلھائي دھڑام سے تخت پر گر پڑي کہین ذرا سي خراش آگئي

صالحہ ـ کیا کہون مجھکو تو یقین نہین آتا کہ [34]حمیدہ اور بھانجے کو بے سبب روتا ھوا زمین مین بٹھادے اور خالہ جان حمیدہ کي طرف ھوکر تمکو مارین ـ بھلا جاؤن خالہ جان سے پوچھون

نعیمہ ـ حمیدہ کے بٹھادینے کا سبب مین بتاؤن ـ انکي نماز قضا ھوتي تھي اور انکي اما جان اس بات پر بگڑین کہ مین نے نماز کو کیون برا کہا

صالحہ ـ پھر تمنے نماز کو برا کہا تھا

نعیمہ ـ کہا تھا اور اب کہتي ھون امّا کو تو کچھ نہین کہا نماز کا برا کہنا انکو کیون برا لگا

صالحہ ـ بھلا کوئي آدمي تمھارے مان باپ کو برا کھے تو تمکو برا لگے یا نہ لگے

move separately and apart from each other (on the string), so long you may be sure that I am alive.' Similarly (*ib.* p. 459), *jab châhnâ denâ* means 'you can give it me when you like,' being equivalent to *jab châhnâ hai, denâ hai.* Another explanation is that the aorist in the dependent clause merely takes the *form* of the imperative in the principal, as in the third example at Ch. IX. 47. This, of course, assumes that *denâ* is imperative.

[34] *Hamîda aur bhânje ko,* &c. An illustration of the *aur* of contrast. Translate: 'I do not believe that such a girl as Hamîda would causelessly put down her crying nephew.'

[33] *Hâth to lagânâ thâ kih woh felhâ'î, dharâm se takht par gir-parî,* 'I had no sooner touched her than the shamming creature fell down with a bang upon the *takht.*'

For *felhâ'î* see Ch. V. 41.

This use of the infinitive has been noticed at Ch. I. 105. See also Ch. I. 13, where the infinitive (with *thâ* understood) is used in both clauses of the example supplied by the text. In the following passage from the *Alf-Laila* (p. 510, Cawnpore edit.), the substantive verb to be supplied is *hai*:—*jabtak dâne is mâle ke judâ judâ aur alag alag dekhnâ kih rawân hain to jânnâ kih main zinda hûn,* 'As long as you see that the beads of this necklace

نعيمه ـ [35] امّا جان کو کوئي شوق سے برا کهے مجهکو ذرا تو برا لگنے هي کا نهين

صالحه ـ آج یا سدا سے

نعیمه مسکرانے لگي اور بولي ـ کمبخت بیجیا هنسي کو دیکهو که خودبخود چلي آتي هي ـ نه بوا ایسي باتین همسے نکرو

صالحه ـ کیا خوب مین تمهارے ایسے غصے سے نهین ڈرتي بهت کروگي خاله جان نے تمکو ایك طمانچه مارا هي تم مجهکو دو طمانچے مارلینا [36] لیکن امّاباوا کا اتنا پاس نهین تها تو سسرال والون سے لڑین کیون ـ خاله جان نے نماز کا پاس کیا اور انکو تمهاري بات بري لگي تو بیجا کیا هوا

نعیمه ـ تو کیا نماز انکي امّا هي یا نانی هي

صالحه ـ جنکو ایمان هي انکو مان سے بڑهکر پیاري اور نانی سے زیاده عزیز

نعیمه ـ تو کیا مین تمهارے نزدیك بے ایمان هون

صالحه ـ آدمي هي بے ایمان بهي هوتے هین ـ جو بے ایمانون کا کام کرے وه بے ایمان ـ مین هوئي تو مین اور تم هوئین تو تم

نعیمه ـ بهلا ایمان سے کهنا تمنے میري کونسي بات بے ایمانون کي سي دیکهي

صالحه ـ [37] ایمان سے مت کهلواؤ

نعیمه ـ تمهین خدا کي قسم بهلا کوئي بات تو بتادو

---

[35] *Ammâ-jân ko koî shauq se burâ kahe*, &c., 'A person may speak ill of my mother to his heart's content; I should not take it ill in the very least.'

[36] *Lekin ammâ-bâwâ kâ*, &c., 'But if you had no regard for your mother before, why did you quarrel with your husband's people?'

[37] *Îmân se mat kahlwâ'o*, 'Don't ask me to tell you on my faith,' referring to Na'îma's words *îmân se kahnâ*. Accordingly N. proceeds to ask the question in another form, with a stress on the pronoun '*you*.'

صالحہ ـ [38]پھر برا تو نہین مانئے کین

نعیمہ ـ سچّي بات مین برا مانئے کي کیا وجہ

صالحہ ـ سچ اور ایمان کي بات تو یہہ ھي کہ تمھارے قول و فعل کوئي بھي ایماندارون کے سے نہین اور مجھسے پوچھنے کي کیا ضرورت ھي تم خود ھي بتادو کہ مین فلانا کام ایمان والون کا سا کرتي ھون ـ کھانا پینا سونا گھر کا کام دھندا بچون کا پالنا یہہ تو دنیا مین برے بھلے سبھي کیاکرتے ھین ـ بھلا ایک کام تو ایسا بتاؤ جس سے تمھارا ایماندار ھونا پہچانا جاے

نعیمہ ـ بھلا دنیا مین تمھارے نزدیک کوئي بھي ایماندار ھي یا نہین

صالحہ ـ کیون نہین ـ آللہ کے بندے سیکڑون ھزارون

نعیمہ ـ بھلا مین بھي کسیکا نام سنون

صالحہ ـ دوو کیون جاؤ ـ یہہ تمھاري ھي گلي مین ایک حضرت بي رھتي ھین جنکے نواسے بھائي علیم کے ساتھہ مدرسے مین پڑھنے جاتے ھین ـ بس ایماندار انکو کہتے ھین دیکھو تو کیا نیک زندگي ھي

نعیمہ ـ ایک حضرت بي ایسي ھوئین بھلا کوئي دوسري عورت بھي اس مزاج کي شہر مین ھي

صالحہ ـ چونکہ تم اس طرح کے لوگون سے نفرت رکھتي ھو اسواسطے تمکو معلوم نہین ورنہ شہر مین بہتیرے خدا کے نیک بندے پڑے ھین [38a]کہانتک انکے نام گنواؤن ـ [39]ھي کیا کوئي کم کوئي زیادہ ـ ایک میري ھي امّا ھین وہ بھي اپنے محلے کي حضرت بي ھین

---

[38] *Phir burâ to nahîn mânne kîn*, 'You are sure not to be offended?' See Kellogg, § 595 *g*. The genitive particle is in concord with the fem. pl. *âp* understood.

[38a] *Kahântak unke nâm ginwâ'ûn*, 'How far am I to make you count their names?' S. would mention the names and N. count them.

[39] *Hai kyâ koî kam koî ziyâda*: a proverbial expression, which means, 'There may be less or there may be more—what does it matter?'

نعیمہ ۔ [40]دو چار آدمي اس طرح کے ہوے سہي ۔ مین تو اپني هي جیسي عورتین اکثر دیکھتي هون

صالحہ ۔ بیشك دنیا مین نیك کم هین اور برے بہت

نعیمہ ۔ مین جانتي هون عورتون کے واسطے بہت نماز روزے کي کچھ ضرورت نہین ۔ بس انکي یہي عبادت هي کہ گھر کا کام‌کاج دیکھین بچون کي خبرگیري کرین ۔ انکو خانداري کے بکھیڑون سے اتني فرصت کہان ملتي هي کہ نمازین پڑھاکرین ۔ مرد البتہ نہ کھانے پکانے کا فکر نہ بچون کا جھگڑا جتني چاهین عبادت کرین

صالحہ ۔ ایك حساب سے تو عورتون کو زیادہ عبادت کرني چاهئے کیونکہ اول تو عورتون کو عبادت کي فرصت زیادہ ملتي هي دوسرے خدا کي نعمتون مین سے عورتین زیادہ حصہ پاتي هین ۔ [41]کھانے پینے مین مرد عورت سب برابر ۔ کپڑے مین مرد بیچارے ایك حصہ تو عورتین ویسے دس ۔ [42]نہ عورتونکا ایك پاجامہ نہ مردون کا ایك برس کا سارا لباس ۔ اور یون بھي عورتونکي پوشاك عموماً عمدہ اور بیش‌قیمت هوتي هي بہ نسبت مردون کے ۔ بري رقم هي زیور ۔ عورتون کو سونے کي کان مین قبر کھودکر گاڑدو تب بھي بس نہین ۔ اور مرد بیچارے جو ثقہ اور وضعدار هین چاندي کا

---

[40] *Do châr âdmî is trah ke hûe sahî*, &c., 'Granted a few people are of this sort, all I can say is, most of the women I see are exactly like myself.' Observe here the nicety of the diction: 'There are a few people of this sort' would have been *is trah ke do châr âdmî hote hain.* Status rather than time is the sense of the participial *hûe*.

[41] The colloquial terseness of Hindustani is well illustrated in these clauses. Every verb and particle that can be spared is dropped.

[42] *Na 'auraton kâ*, &c., 'Not a pair of drawers for the women and a year's dress for the men, but *vice versâ*.' A comparison between the relative outlay on dress by the sexes (*Proverbial*).

چھلاّ تك بهي نهين پهنتے ـ اسپر بهي عورتين عبادت مين كمي كرين تو انكي وهي كهاوت هي [43] كهانے كو جچا اور كام كو ننّا بچہ

نعيمه ـ افسوس هي كہ تم هماري امّا كے يهان پيدا نهوئين

صالحه ـ افسوس كي كيا بات هے بلكہ مين تو سمجهتي هون شكر كا مقام هے

نعيمه ـ كيون

صالحه ـ تم بتاؤ كہ تمنے كيا سمجهكر افسوس كيا

نعيمه ـ مين نے تو يهہ سمجهكر افسوس كيا كہ [44] تم هماري امّا كے يهان هوئي هوتين تو دونون كو اچها تها ـ هماري امّا تمهين جيسي بيٹي ڈهونڈهتي هين اور تم بهي اميرگهر پاتين تو كهانا كپڑا زيور نوكر سبهي طرح كي خوشي تهي

صالحه ـ اگر اس خوشي كا يهي نتيجه هي كہ آدمي خدا كو بهول جاے تو ميرے نزديك يهہ تمام فراغت دنيا كا جنجال اور آخرت كا وبال هي ـ كون چار دن كي خوشي كيواسطے هميشہ هميشہ كي مصيبت مول لے ـ مجهكو خدا كے فضل سے پيٹ بهر روٹي اور تن بدن ڈهانك لينے كو كپڑا رهنے كو مكان ليٹنے كو چارپائي پينے كو پاني دم لينے كو هوا سب كچهہ مُيَسَّر هي ـ مين نهين جانتي كہ مجهكو دنيا مين كوئي اور چيز بهي دركار هي سواے اسكے كہ تمنے پتهر يعني سونا چاندي مجهسے زياده اپنے اوپر لادلئے هين اور بوجهہ كے صدمے سے كان تمهارے كٹتے پڑتے هين ناك تمهاري چهے گئي هي اور تو كوئي فرق مين تم مين اور اپنے مين نهين پاتي ـ مين يهہ نهين كهتي

---

born in my mother's family, it would have been good for both of you."

Note in this and the next clause the use of *thâ* and *thî* in the apodosis. See Ch. I. 151.

[43] *Khâne ko jachâ aur kâm ko nannâ-bachcha*, 'At eating a lying-in woman, at working an infant-in-arms.'

[44] *Tum hamârî ammâ ke yahân hûî hotîn*, &c., 'Had you been

کیا تدبیر ھي – [49] رھا زیور جسکي زکوٰة نہ خیرات اس سے بیڑیان بھتر طوق اور ھتکڑي اچھي – بڑي خوشي محبّت اور میل ملاپ کي ھوتي ھي [50] اسکا یہہ حال ھي کہ تم مان سے بري حمیدہ کي دشمن [51] ساس سسرون سے بگاڑ میان سے ناموافقت نوکر شاکي لونڈیان نالان – اسي پر تم اپنے تئین سمجھتي ھو کہ مین خوش ھون – ابھي تم پڑي رو رھي تھین یا ھنس رھي تھین

نعیمہ – سبحان اللّٰہ آپ بھي کیا آدمي ھین کیا گھرون مین کبھي لڑائي نہین ھواکرتي – چار برتن پاس رکھدیتے ھین تو وہ بھي کبھي نہ کبھي کھڑکھڑا اٹھتے ھین

صالحہ – [52] اگر ایسا ھي سمجھتین تو اتنا بات کا بتگڑ نہ بناتین

نعیمہ – مین نے کیا بات کا بتگڑ بنایا

صالحہ – تمھي اپنے دل مین سوچو – مان کے ھاتھہ لگانے پر یہہ آفت صبح سے اب تك آپ بھوکھي مرین سارے گھر کو بھوکھا مارا – شاباش بوا شاباش لڑو مان سے روٹھو خدا سے

نعیمہ – [53] ھر پھرکر تمکو خدا کا تذکرہ کرنا ضرور – بھلا مین خدا سے کب روٹھي

---

[49] *Rahâ zewar*, &c., 'As for jewels, fetters and manacles are better worth having than things which are not liable to be taxed for alms or charity.' Five kinds of property are taxable for alms by the canon law, viz. money, cattle, grain, fruit, and merchandise.

[50] *Us (khúshi) kâ yeh hâl hai*, &c., 'So far as *your* family happiness is concerned the state of things is this—you are on bad terms with your mother,' &c.

[51] *Sâs-susaron se*, "with your mother and father-in-law.' Comp. Ch. V. 1.

[52] *Agar aisâ hi samajhtin to itnâ bât kâ bataggar na banâtin*, 'If you had thought so really, you would not have made such a fuss over this matter.' *Bataggar*, or *batakkar*, is a zenana word (derived from *bât*) which describes a 'strife of tongues,' 'Billingsgate,' &c.

[53] *Har phirkar tumko khudâ kâ tazkira karnâ zarûr*, 'At every turn you must bring in God's name.' *Phirkar* is the conjunctive participle used adverbially in the sense of 'again': *har-phirkar* means 'ever again,' 'over and over again.' Compare the Persian phrase *har-hamesh*, 'ever and ever.'

صالحه ـ رزق خدا کا یا مان باپ کا

نعیمه ـ [54] الله ري علامہ ـ دیکھو تو کیسي ایچ پیچ کي باتین کرني آتي هین

صالحه ـ تمکو پیچ و تاب کي باتین آتي هین تو مجهکو ایچ پیچ کي

نعیمه ـ غصہ هي تو هي

صالحه ـ [55] اچها غصہ هي ـ باؤلا غیظ دیوانہ غضب اُدهر بے جان پر اور ادهر بے زبان پر

نعیمه ـ بیجان اور بیزبان کیا

صالحه ـ کهانا بیجان اور بے زبان تمهارا بچہ نادان ـ مین نے سنا هي کہ [56] تمنے اسکا بهي خوب کچلا کیا

نعیمه ـ کیا تو کسیکو کیا اپنا بچہ شوق سے مارا خوشي سے کچلا کیا

صالحه ـ تم اپنے بچے کو شوق سے مارو اور خوشي سے کچلا کرو پهر خالہ جان نے تمکو ایك تهپڑ هولے سے ماردیا تو کیا غضب هوا ـ جیسي تم اپنے بچے کي مان وہ تمهاري مان

نعیمه ـ مان مان برابر لیکن بچہ بچہ برابر نهین

صالحه ـ لیکن تم دونون مین زیادہ تر واجب الرعایة کون هي

نعیمه ـ مین

صالحه ـ [57] مین کے گلے پر چهري ـ کیا واجب الرعایة نکلي هین ذرا منهہ تو دهو رکهو

---

54 *Allâh re 'allâma*, 'O God, the Omniscient!' Comp. the phrase at Ch. II. 73.

55 *Achchhâ gussa hai*, &c., 'I do well to be angry. What mad rage and fury—there upon a lifeless thing, here upon a tongueless!'

56 *Tumne uskâ bhi khûb kuchlâ kiyâ*, 'You gave even it a fine pounding.' Note that *uskâ* is the genitive dependent on the verbal *kuchlâ*.

In the response N. says, *Kiyâ to, kisî ko kyâ*, 'Yes, I did: what does that matter to anyone?'

With reference to Ch. I. 141, note that *apna bachcha* becomes *apne bachche ko* in the next clause by way of *variation* only.

57 *Main ke gale par chhurî*, 'A knife to the throat of your "I"!'

نعيمه ـ اجي وه کچهه بهي رعايت ميرے ساتهه نکرين الله مالك هي

صالحه ـ بهلا پهر تم الله کو مالك سمجهتي هو جو کهتي هو

نعيمه ـ کوئي ايسا بهي بنده بشر هي جو الله کو مالك نهين سمجهتا

صالحه ـ الله کو مالك سمجهتين تو ايسي بيجا بات بول اٹهتين جسپر خاله جان خفا هوئين اور بجا خفا هوئين

نعيمه ـ کيا مين نے جان بوجهکر تهوڑي هي کهي تهي منهه سے نکل گئي

صالحه ـ ليکن کبهي خالوجان کي شان مين تو ايسي بات تمهارے منهه سے نهين نکلتي بلکه خالوجان تو خير شايد بڑے بهائي جان کو بهي ايسا سخت کلمه کهو تو انکو کتنا برا لگے کيا خدا کو برا نه لگا هوگا

يه سنکر نعيمه کسي قدر ڈري اور اسنے هولے هولے اپنے کلون پر طمانچے مارے اور منهه سے بهي توبه توبه کها

صالحه ـ [58] بس سمجهلو که ايسا هي ايك طمانچه خاله جان نے مارا سهي

نعيمه ـ خير پهر ابتو جو کچهه هونا تها هوچکا

صالحه ـ هو تو نهين چکا هو رها هي لوگ بهوکهے بيٹهے هين چهه پهڑکے چلا جاتا هي

'Enough! Just think my aunt gave you one such slap, and the thing is done with.' Sâliha, of course, refers to the fact that her cousin had just slapped herself in token of regret. For the usage of *sahî*, see the remark made at Ch. VII. 69.

We have nothing in English to correspond with this, except perhaps the contemptuous 'Great I,' or some such phrase as 'Confound your egotism!'

[58] *Bas samajhlo kih aisâ hî ek tamâncha khâla-jân ne mârâ sahî,*

نعیمه ـ [59] اچھي کچھ یہ بھي زبردستي هي مارون اور رونے ندون

صالحه ـ تمکو اتني بڑي هوکر رونے کا نام لیتے هوئے شرم نهین آتي

نعیمه ـ جب مار کھانے کي غیرت نهوئي تو رونے مین کیا شرم تهي

صالحه ـ مان هوئي اُستاني هوئي اگر انکي مار کھانا بیعزتي هي تو دنیا بے عزت هي

نعیمه ـ امّا مجھکو تنهائي مین مارلیتین تو مجھکو اتنا رنج نهوتا

صالحه ـ سبحان الله [60] خطا ببازار و سزا درپس دیوار

نعیمه ـ اچھا پھر اب تمهاري مرضي کیا هي

صالحه ـ مرضي یہ هي کہ چلکر خالہ جان کے روبرو هاتھ جوڑو انکے پانؤن پڑو اپنا قصور معاف کراؤ کھانا آپ کھاؤ دوسرون کو کھانے دو بچے کو دودھ پلاؤ حمیده کو بلاکر گلے لگاؤ بیدارا کي دلداري اور تشفي کرو

نعیمه ـ لو اور سنو ـ [61] الٹا چور کوتوال کو ڈانڈے ـ مین هي پٹون اور مین هي هاتھ بھي جوڑون ـ اور اگر میرا قصور هوتا بھي تو هم هاتھ تو بندي نے نہ آجتك کسیکے آگے جوڑے اور نہ اب مجھ

---

[59] *Achchhî kuchh yeh bhî zabardastî hai*, &c., 'My good cousin, it is rather hard (is not it?) that I should strike a person and not let him cry.' Here Na'îma applies the proverbial expression, *marûn aur rone na dûn*, to her mother, not to herself.

[60] Persian: 'The fault in public, the punishment in private (*lit.* behind the wall).'

[61] *Ultâ chor kotwâl ko dânde*, 'The thief beats the *kotwâl* instead of the *kotwâl* the thief—am I to be beaten and beg pardon too?'

سے جوڑے جائین ۔ [62] رهي حميده تم كهتي هو گلے لگاؤ اور ميرا بس چلے تو اسكو جيتا نچوڑون اوركهانے كي جو تمنے كهي تو [63] مجهكو اب اس گهر كا نمك تك چكهنا حرام هي ۔ غرض جتني باتين تمنے كهين سوچكر ايسي هي كهين كه ايك بهي مجهسے شدني نهين ۔ خير تمهاري خاطر سے ننے كو دودهه پلادونگي ۔ جاؤ كهين لے آؤ ورنه اراده تو يهي تها كه اسكا اور اپنا دونون كا خون كرون

صالحه ۔ الله اكبر بي آپا مين نهين جانتي تهي كه [64] تمهارا غصه اسقدر غضب كا بجها هوا هي ۔ اب تمسے زياده كهنا لاحاصل هي بس معلوم هوگيا كه تم اپني خوشي كي هو

نعيمه ۔ جو بات كرنے كي تهي وه تو مين نے پهلے هي كهدي كه ننے كو دودهه پلادونگي

صالحه ۔ تمام دن تو تمكو بے آب و دانه گذرگيا اور عمر بهر كے بدلے كا تمنے ايسا لمبا روزه ركها هے كه پهر رات گذري مگر افطار هونے نهين آيا اور نه ابهي كچهه اسكے افطار هونے كي اميد هي تو وه دودهه رها كهان هوگا كه تم ننے كو پلاؤگي

نعيمه ۔ رهے يا نرهے مگر مين اس گهر كا كهانا كهاؤن تو حرام كهاؤن مردار كهاؤن

صالحه ۔ پهر آخر كروگي كيا يهه تو ممكن نهين كه بے كهائے گذر هو ۔ ايك هي وقت مين ديكهو تمهارا كيا حال هوگيا هي اب رات كو خالي پيٹ نيند بهي تو [65] نهين آنيكي

[62] *Rahî Hamîda*: another example of the idiom noticed at Ch. I. 89.

[63] *Mujhko ab is ghar kâ namak tak chakhnâ harâm hai*, 'I am debarred now from tasting even the salt of this household.' The word *harâm* is constantly used in a secular sense, *e.g.* p. 39, line 6. At p. 105, line 14, on the other hand, it has the technical meaning of 'forbidden' to a Moslem.

[64] *Tumhârâ gussa is qadr gazab kâ bujhâ hûâ hai*, 'Your anger is so awfully difficult of appeasement.' See Ch. I. 126. The genitive of quality is here used adverbially.

[65] *Nahîn âne kî*, 'is sure not to come.' See Note 38 above. *Nînd*

نعیمه ـ مین تو جانے کو طیار بیٹھي هون [66] تم نہ آ جاتین تو اب تك کبھي کي چلي بھي گئي هوتي

صالحه ـ کہان ـ سسرال

نعیمه ـ اگر مین سسرال جاؤن تو گڑھے سے نکلون اور کوئے مین گرون

صالحه ـ پھر کہان

نعیمه ـ [67] جہان سینگ سمائین

صالحه ـ باؤلي هوئي هو کیسي باتین کرتي هو ـ اگر خالوجان یہہ بات سن پائین نہین معلوم کیا آفت برپا کرین اور گھر سے باهر قدم نکالنا تو بڑي بات هي ـ [68] مجھکو حیرت هي کہ کیونکر یہہ بات تمھارے دل نے تسلیم کي کہ خالہجان کو تمھارا رهنا ناگوار هي اور انھون نے اس وجہ سے تمھارے ساتھ سختي کي کہ وہ تمکو اپنے پاس دیکھ نہین سکتین ـ بھلا دنیا مین کوئي مان بھي اس طرح کي هوگي [69] تمھاري خانہویراني کا رنج تمسے زیاده انکو هي ذرا اسکا مذکور آ جاتا هي تو انکے آنسو نکل پڑتے هین اور [70] حاضر غائب دعا

---

agrees with *ki*, but is not to be supplied after it, according to the teaching of Adâlat Khân, in his note on *dareg nahîn karne kâ* (*Bag-o-Bahâr*, Tale II.), where he says *âdmî* is understood.

[66] *Tum na â-jâtîn to ab tak kabhî ki chalî bhî ga'î hotî*, 'If you had not come, I should long since have gone away.' The form of the second clause is similar to that of the sentence translated at Ch. VII. 84, both as regards the idiomatic usage of *kabhî* with the genitive particle in agreement with the subject of the verb, and the appropriateness of the tense, viz. the 'past conditional *remote*.' See Ch. VII. 39.

[67] *Jahân singh samâ'en*, 'where my horns may find room.' The expression is proverbial.

[68] Sâliha now tries another tack by appealing to her cousin's consciousness of the reality of her mother's love.

[69] *Tumhârî khâna-wîrânî*, 'your being without a home of your own,' a phrase like *ujri hûî* (V. 9), descriptive of the condition of a wife who lives apart from her husband.

[70] *Hâzir gâ'ib du'â kiyâ kartî hain*, &c. 'Present or absent her constant prayer is, God grant my Na'îma a happy home!'

کیاکرتي هین کہ الهي میري نعیمہ کو اسکے گهر آباد کر ـ بهلا تم هي
انصاف کرو کہ سواے اس بات کے تمنے انکي کسي اوز بات سے بهي
انکا رخ بدلا هوا پایا ـ اگر خالہجان کو خدانخواستہ تمهارے ساتهہ
عداوت تهي تو خود کهانا کهالیتین دشمن کا یهي کام هي کہ فاقے
مین ساتهہ دے اور شریك مصیبت هو ـ وہ حمیدہ جسکو تم کهتي
هو کہ [71] پاؤن تو مار مارکر پرزے اڑاؤن آج دن بهر اسکو تمهارے واسطے
روتے گذرا هي یهہ عمر اور اتنا صبر کہ صبح سے اب تك دانہ اسکے منهہ
مین نهین گیا نگوڑي ایسي بےسدهہ پڑي هي کہ گویا جان نهین ـ
ان لوگون کا وہ حال اور تمهاري یہ کیفیت ایك ذرا سي بات مین
تمهارا دل اس قدر پهرگیا کہ ساري نیکي برباد کلّ سلوك اکارت
تمام احسانْ غارت ـ پهر بهلا تمسے کوئي کیا توقع رکهے اور کس
امید پر تمسے ملے

نعیمہ ـ بهائي یهہ بات تو تمهاري واجبي هي کہ همیشہ سے
اماجانْ مجهکو بهت چاهتي هین لیکن [72] خدا جانے انکو کیا هوگیا
تها کہ بے تحاشا مار بیٹهین

صالحہ ـ اچها پهر یون هي سمجهو کہ آدمي هي تو هین ـ [73] انهین
سے زیادتي هوگئي سهي لیکن کیا انصاف هي کہ اس ایك زیادتي

Mâr-baithnâ belongs to the class of compounds usually called "intensive"; but the intensiveness is here sentimental, not actual; and *baithe-bithâ'e mârnâ* would have conveyed precisely the same sense.

[73] *Unhîn se ziyâdati hoga'î sahî*, 'Granted that it was an act of unkindness on her part.' The use of *sahî*, which will be observed to be a favourite word with the women, is similar to that noticed at Ch. VII. 69.

[71] *Pâ'ûn to mâr mârkar purze urâ'ûn*, 'If I get hold of her, I'll beat and beat her till I make her flesh fly!' Literally, *purze* means 'little bits.'

[72] *Khudâ jâne unko kyâ hogayâ thâ*, &c., 'God knows what could have possessed her to coolly strike me without the smallest hesitation.' Comp. Ch. III. 22.

The phrase *be-tahâshâ* means 'without saying *hâshâ*,' i.e. 'God forbid!' See Ch. XI. 73.

کي وجہ سے انکي عمر بهر کي مہرباني اور شفقت اور عنايت اور رعايت اور دلسوزي اور همدردي اور خيرخواهي اور پرورش اور نفع رساني ايك دم سے سب پر پاني پهيرديا جاے

نعيمہ ـ [74]مجهکو رہ رهکر انکا تهپڑ کمبخت ياد آتا هي

صالحہ ـ اسواسطے کہ تمنے انکے حقوق بهلا رکهے هين

نعيمہ ـ کيا تمسے امّاجان نے کہا هي کہ سمجها بجهاکر نعيمہ کو خطا معاف کرانے کے لئے لوالاؤ

صالحہ ـ هرگز نهين ـ انکو تمهاري خطا معاف کرنے کي کيا ضرورت هي نقصان تمهارا هي يا انکا ـ اور شايد انکے دل مين يہہ بات آئي بهي هو تو تمهارے مزاج کو ديکهکر بهلا انکو يہہ توقع هوسکتي هي کہ تم خطا کا اقرار اور معافي کي درخواست کروگي

نعيمہ ـ بهلا اور جو مين گئي اور امّاجان منہہ سے نہ بولين تو مجهکو اور شرمندگي هوگي

صالحہ ـ ممکن هے کہ نہ بولين کيونکہ تمهاري خطا معمولي طور کي خطا نهين هي مگر پهر وہ مان هين اور مان بهي کيسي مان بچون پر خصوصًا تمپر دل سے فدا جان سے قربان شايد تمکو کوٹهري سے نکلتا هوا ديکهہ عجب نهين کہ دوڑکر خود لپٹ جائين اور تمکو منہہ سے کهنے کي بهي نوبت نہ آئے

نعيمہ ـ [75]جي تو چاهتا هي کہ جاؤن چلي بهي جاؤن مگر شرم آتي هي بهلا کل پر رکهين تو کيسا

---

[74] *Mujhko rah rahkar*, &c., 'The longer I stay the more I think of her confounded slap.' See Platts, § 430, for this use of the conjunctive participle.

[75] *Jí to cháhtá hai kih*, &c., 'Indeed, I wish to go, aye, to go at once, but shame comes over me. Well, supposing we put it off till to-morrow, how about that?'

صالحہ ـ تمکو خدا کا ترس نہین آتا کہ سارا گھر فاقے سے ھي رات بھر مین تمھارا اور ان سب کا کیا حال ھوگا

نعیمہ ـ بھائي ھاتھ جوڑنے کو تو رھنے دو کھانا اپنے نام سے منگوا بھیجو

صالحہ ـ اجي مجھسے کھو تو مین کھانے کو بھي رھنے دون بھوکھي مروگي تم یا تمھاري مان بہنین مگر بے صفائي کھانے کا لطف نہین ادھر تم افسردہ اُدھر وہ آزردہ [76]کھانا کیا خاك کھایا جائیگا ـ بس اتني دیر کي بات ھي کہ تم کوٹھري کے باھر تك چلو

نعیمہ ـ بھائي بس زیادہ ھمکو دق مت کرو کھانا منگواؤ مین کھالونگي

صالحہ ـ ھو تم اپني ضد کي ـ کھانا کھاؤگي تو کس پر احسان کروگي کوٹھري کے باھر تك چلو تو البتہ مین جانون کہ تمکو میري خاطر عزیز تھي

نعیمہ ـ چلو بس مجھکو بچون کي طرح مت پھسلاؤ یہ بھي تمھاري خاطر ھي کہ مین من گئي [77]ورنہ نعیمہ بندي ـ ادھر کي دنیا ادھر ھوجاتي ـ ایك کي تو سنتي ھي نہین

صالحہ ـ [78]خاك من گئین پتھري من گئین مین اسکو مننا منانا

---

gave in'; and her cousin now repeats the word twice, with the depreciatory particle *khâk* in one case, and a word of similar import, to balance it, in the other. Translate: '*Gave in*, indeed! Stuff and nonsense! I don't call this giving in or making to give in.'

The union of the causal and simple verb conveniently includes the action of both parties. See Ch. I. 95.

[76] *Khânâ kyâ khâk khâyâ jâegâ*, 'What food will be eaten worth the name?' Comp. Ch. I. 79.

[77] *Warna Na'îma bandî*, &c., 'else this world might have become the next before your humble servant Na'îma would have listened to a soul.' The proverbial expression has already occurred at Ch. II. 92.

[78] *Khâk manga'în patthrî manga'în*, &c. Na'îma had said, a moment before, *main manga'î*, 'I

نهين سمجهتي ـ كيا كرون رات زياده گئي اور لوگ بهوكهه سے بدحواس هين [79] ورنه تمكو يهه دعوىٰ هي كه مين كسيكي سنتي نهين اور [80] ميرا يهه عقيده هي كه بات واجبي هو تو كيا معني كه سننے والا اسكو نه تسليم كرے ـ اور ديكهو ميري اس وقت كي بات ياد ركهنا كه [81] تمكو خاله جان كے آگے هاتهه جوڑنے پڑينگے

نعيمه ـ خير جب پڑينگے تب جوڑ بهي لينگے

اسكے بعد صالحه كوٹهري سے نكل دوسرے قطعے مين خاله كے پاس گئي ـ [82] بهت سے لوگ سوگئے تهے كچهه اونگهه رهے تهے فهميده اكيلي بيٹهي هوئي دل هي دل مين نهين معلوم كيا باتين كررهي تهي كه صالحه بولي ـ خاله جان مبارك ميرا اور آپا جان كا كهانا ديجئے ـ فهميده سنتے كے ساتهه چونك سي پڑي اور كهنے لگي ـ سچ كهو

ing and origin; and the words *bahut se log* signify 'a great many persons.' The *sâ* in *kâlâ sâ* is explained in the same way to mean access in point of quality, so that *kâlâ sâ* corresponds to our 'very black,' rather than 'blackish,' which would be the sense if *sâ* were the particle of similitude. Kellogg believes in the 'adverb of degree' (§ 166), but rightly holds that the *sâ* in *kâlâ sâ* is the particle of similitude.

I can find no recognition of a second *sâ*, as an adverb of degree, in the best native authorities. Râjâ Siva Prasâd (*Qawâ'id-i-Urdû*, § 115) speaks of one *sâ* only, as a particle of similitude or *comparison*; and according to him *bahut se log* means 'a comparatively large number of people,' or 'a good number of people,' as I have rendered it above.

79 *Warna tumko yeh da'wa hai*, &c., 'else, you would have the right to say you listen to nobody.' See Ch. I. 29; III. 21.

80 *Merâ yeh 'aqîda hai*, &c., 'I should be left to believe that the meaning of a thing being right is that the hearer calls it wrong'; lit. that the hearer does not admit it to be right.

81 *Tumko khâlâ-jân ke âge hâth jorne parenge*, 'You will have to ask my aunt's pardon.' Here the construction 'hand-joining will fall to you' is analogous to that noticed at Ch. VII. 67. See also Ch. X. 62.

82 *Bahut se log so gae the*, 'a good many of the household had gone to sleep.'

According to Platts (§§ 48, 366), *se* is here an "intensive affix," or an "adverb of degree," declinable like the particle of similitude *sâ* (see Note 16 above), but of distinct mean-

بھانجي ـ [83] آپ خود انکو کھاتے ھوے دیکھ لین تب تو سہي

خالہ ـ بھائي تمنے تو کمال ھي کیا کیونکر منایا کس طرح سمجھایا ـ مجھکو تو امید نہ تھي کہ وہ کسي ڈھب سے سیدھي ھوگي اسکا غصہ ھي خدا کي پناہ جیسے کسیکو جن چڑھتا ھي نہین معلوم تمنے کیا سحر کیا کہ ایسے بھوت کو اتارا ـ ھم سب لوگ تو دن بھر ھلاک ھوے کوئي حکمت نچلي کوئي تدبیر پیش رفت نہوئي

بھانجي ـ مین تو انکو یہان آپ کے پاس لاتي اور آپ کے پانون پر انکا سر رکھوادیتي لیکن کیا کرون رات زیادہ گئي اور لوگ بھوکھ سے بیتاب ھین [84] خیر انشاءاللہ بشرط خیریت پھر دیکھا جائیگا ـ لائیے کھانا نکالئے اور جاؤن حمیدہ کو بھي جگاؤن ھشیار کرون کہ اسکا تو اور بھي برا حال ھوا ھوگا

خالہ نے تو کھانا نکالا اور صالحہ نے جا حمیدہ کو اٹھا بٹھایا

حمیدہ سوتي کیا تھي ضعف و ناتواني کي غفلت مین پڑي [85] ھاتھ پانؤن توڑرھي تھي ـ صالحہ کي آواز سنتے ھي آنکھ کھولنے سے پہلے کھڑي ھوگئي اور بڑي [86] بہن کو سلام کیا ـ صالحہ نے پیار سے گلے لگا گودي مین لے لیا اور کہا حمیدہ اس قدر سویرے تم سو رھا کرتي ھو

حمیدہ ـ امّا جان سے پوچھہ لیتي ھون اور جب وہ کہدیتي ھین کہ ھان وقت آگیا تو نماز عشا پڑھکر سورھتي ھون

---

[83] *Âp khûd unko khâte hûe dekhlen tab to sahî*, 'The proof is when you see her eating for yourself.' Another illustration of the colloquial adaptability of the particle *sahî*. Comp. Note 58 above.

[84] *Khair insha 'l-lâh ba-shart-i-khairiyat phir dekhâ jâegâ*, 'Well, please God, provided all goes well, we shall see afterwards.' *Dekhâ jâegâ* is here impersonal. Ch. VI. 7.

[85] *Hâth pân'on tor-rahî thi.* This phrase describes the uneasy distortion of the limbs in sickness or weariness. See Ch. XIII. 58.

[86] *Bahin* is not restricted to the meaning of 'sister.' *Bari bahin* here means her 'elder cousin.'

صالحه ـ تمنے کچھ کھانے کو بھي کھايا (حميده شرمنده هوکر چپ هورهي) بھوکھ لگي هي (حميده نے اسکا بھي کچھ جواب ندیا) چلو هم تم کھانا کھائين

حميده ـ امّا جان نے کھانا کھايا

صالحه ـ امّا جان بھي تمھارے ساتھ کھائينگي

حميده ـ اور هماري آپا جان

صالحه ـ تمکو دنيا جهان سے کيا مطلب جسکو بھوکھ لگي هوگي آپ کھاليگا

حميده ـ اي‌هي آپا جان نہ کھائين اور مين کھالون ـ اچھي خدا کے لئے تم کسي طرح آپا جان کو سمجھاؤ آج تمام دن انھون نے کچھ نهين کھايا نہ دودھ کے لئے پھڑك پھڑك کر آخر سوگيا

يہہ کهکر حميده رونے لگي تو صالحه نے اسکي تشفي کي کہ حميده رومت آپا بھي کھائينگي

غرض کوئي ڈيڑھ پهر رات گئے سب نے کھانا کھايا صالحه اور نعيمه نے ايك ساتھ کوٹھري مين اور باقي سب لوگون نے اپنے اپنے دستور کے مطابق ـ کھانے کے بعد [87] سوسلا رهے مگر صالحه اور نعيمه مين کچھ گفتگو بھي هوئي ـ خود هي نعيمه بولي ـ کيون صاحب ابتو آپ خوش هوئين جو کچھ تمنے کها مين نے کيا

صالحه ـ [88] خوش تو مين تبھي هوتي کہ جب صفائي هوگئي هوتي

---

should then, and only then, have been pleased, when matters had been cleared up between your mother and yourself.' The difference between the two forms of the past conditional is well illustrated in this sentence.

[87] *So-sulâ-rahe*, 'slept and put others to sleep.' Another illustration of the graphic force of the added causal. See Note 78 above.

[88] *Khûsh to main tabhî hotî kih jab safâ'î hoga'î hotî*, 'I

نعیمه ـ اچھي اب بھي صفائي مين کچھه باقي رهگيا رفته رفته
دس پانچ دن مين بول چال بھي هونے لگے گي

صالحه ـ دس پانچ دن ـ ابھي تھوڑي دير هوئي که تمنے خود
کہا تھا کل پر رکھو

نعیمه ـ مين نے يهه تو نهين کہا که مين کل بولنے بھي لگون گي

صالحه ـ [89] تو خاك بھي صفائي نهين هوئي

نعیمه ـ کھانا مين نے کھايا اما جان نے کھايا حميده نے کھايا
ننّا ديکھو دودهه پي هي رها هي اس سے بڑھکر صفائي کيا هوگي

صالحه ـ خير ميري زبردستي سے تم سب نے ايك ايك دو دو
نوالے کھالئے مين اسکو کھانا نهين سمجھتي ـ دودهه پلانے والي عورت
بھلا کچھه نکھائے تب بھي چار چپاتيان تو کھائے تمنے پاؤ ٹکڑا بھي
نهين کھايا چاولون کو هاتهه نهين لگايا تمهارے سبب مين بھي
بھوکھي اٹهه کھڑي هوئي ـ مين سمجھتي تھي که [90] خير صبح کو اسکي
کسر نکلجائيگي سو تمنے ابھي سے اميد توڑدي

نعیمه ـ سچ تو يهه هي که [91] اب اس گھر مين مجھکو اپنا گذر
هوتا هوا معلوم نهين هوتا اور اب ميرا جي لگنا بھي مشکل هي

صالحه ـ کيون

نعیمه ـ مين نے تمسے کہا نهين که يهان تو ايك ايك مهينے پہلے
سے ابا کا مزاج اما کے تيور گھر کا رنگ ڈهنگ سب کچھه بدلا هوا

---

be cleared off in the morning.' Comp. Ch. II. 57.

[91] *Ab is ghar men mujhko apnâ guzar hotâ hûâ ma'lûm nahîn hotâ*, 'At present my continued residence in this house seems to be impracticable.' For the sense of *hotâ-hûâ* (lit. 'being and become') see the comment on *honâ-huwânâ* at Ch. II. 99.

[89] *To khâk bhî safâ'î nahîn hûî*, 'Then (I say) there was no reconciliation (with your mother) at all.' This phrase has been already noticed at Ch. I. 79. The rendering here given is better suited to the context.

[90] *Khair subh ko iskî kasr nikal-jâegî*, 'Well, the balance will

هي كسي نے مجهسے ابهي تك نماز روزے كا تذكره نهين كيا ليكن
[92] بكرے كي مان كب تك خير منائيگي جب بڑے بهائي تك نوبت پهونچگئي تو بهلا مين بيچاري كس گنتي مين هون - مين بدنصيب ايك تو پردے كي بيٹهنے والي دوسرے ايسا كوئي هنر نهين آتا كه چار پيسے كا سهارا هو - اس روز بد كي كيا خبر تهي ورنه آنكهون ديكهتے ديكهتے ساتهوالي لڑكيان كيسے كيسے كام سيكهگئين كه هنر كي بدولت [93] گهر بيٹهے بادشاهت كررهي هين مجهكو كهين اپنا ٹهكانا نظر نهين آتا

صالحه - آپا تم اس قدر بيدل كيون هوتي هو كيا نماز كچهه ايسا بڑا مشكل كام هي كه اسكي وجه سے يهه تمام دقتين تمكو پيش آتي هوئي معلوم هوتي هين

نعيمه - بوا مين تو هنسي دل لگي كي آدمي هون بهلا مجهسے يهه اونگهتي اُداس زندگي كاهيكو نبهےگي - لڑائي تو خير آج هوئي هے ميرا تو كئي دن سے جي گهبرارها تها

صالحه - پهر آخر تمنے تدبير كيا سوچي هي

نعيمه - ايك بات ميري سمجهه مين آتي هي وه يهه كه مين تمهارے يهان چلے جاؤن - مين پوچهتي هون اگر مين چلے جاؤن تو خالهجان كيا كهينگي

صالحه - جو مين كهتي هون جو تمهاري امّا كهتي هين وهي خالهجان كهينگي وهي هر شخص كهيگا جو سنيگا - كيا خالهجان دنيا سے باهر يا انوكهي هين

---

[92] This proverb was translated at Ch. VII. 102.

[93] *Ghar baithe*, 'without leaving home.' The phrase is generally applied to cases where a man obtains *naukarī*, 'service under government,' in his native town or district, so that he need not leave home and friends.

نعیمہ ـ اجي گھر سے تو نہ نکال دینگي

صالحہ ـ یہان تمکو گھر سے کوئي نکال رہا هي جو وهان سے خدانخواستہ نکال دیگا ـ آپا نہین معلوم تم اب کیسي باتین کرنے لگي هو ایك امّا سے کیا لڑین سارے کنبے کو دشمن ٹھیرالیا

نعیمہ ـ لیکن خالہ جان بیچاري غریب آدمي هین کہان سے میرا خرچ اٹھائینگي

صالحہ ـ اب ایسي بهي[94] گئي گذري هوئي نہین هین کہ مہینے بیس دن تمکو نہین رکھہ سکتین

نعیمہ ـ مین بهي یهي سوچکر جاتي هون کہ چند روز وهان رهونگي تو امّا جان کو بهي لڑائي جھگڑے کي باتین بھول بسر جائینگي پھر بلوابھیجینگي تو چلے آؤنگي

صالحہ ـ میرے نزدیك بهي جانے مین کچھہ قباحت کي بات نہین مگر اپني امّا جان سے اجازت لے لو

نعیمہ ـ کیونکر پوچھون

صالحہ ـ یہہ بهي کوئي بڑا مشکل کام هي ـ ابهي انکے پاس چلے جاؤ اور جاکر کہو کہ مین خالہ جان کے یہان جاتي هون وہ کہدینگي اچھا

نعیمہ ـ سچ کہنا کہین چلے نجاؤن ـ اتنا کام تم نہین کردیتین

صالحہ ـ نہین مین نہین کرتي

نعیمہ ـ هماري بہن نہین

صالحہ ـ نہین مین بہن بهي نہین بنتي ـ [95] بیوي صاحب کو اتنا سمجھایا اتنا سمجھایا خاك بهي اثر نہ هوا

---

[94] *Ga'ī guzrī hūī*, 'ruined.' This phrase has already occurred, in the literal sense of 'passed away,' at p. 179, line 11.

[95] *Bīwī sāhib ko*, &c., 'Though I have lectured and lectured your ladyship so long, not the smallest effect has been pro-

نعیمہ ۔ نوج کوئي ایسا بے مروت ھو

صالحہ ۔ تم سے بھي بڑھکر

نعیمہ ۔ اچھي میري بہن

صالحہ ۔ خیر مین پوچھہ دونگي لیکن کیا تم خالہ جان سے رخصت ھوکر نہ چلوگي اور چلتے وقت انسے نہ ملوگي

نعیمہ ۔ اس وقت جیسي ھوگي دیکھي جائیگي

صالحہ ۔ سنو بوا اگر تمھارے دل مین دغا ھو تو پہلے سے کہدو ۔ ایسا نہو مین پوچھنے جاؤن اور تم بے ملے چلدو ناحق مجھکو شرمندگي ھو

نعیمہ ۔ نہین مین نے تمھارے چھیڑنے کو کہا تھا ۔ بھلا ایسا بھي ھوسکتا ھي کہ چلتے وقت مین امّا جان سے نہ ملون ۔ تو جاؤ پوچھہ آؤ

صالحہ ۔ اس وقت رات زیادہ گئي ھي آخر صبح کي نماز مین خالہ جان کے ساتھہ پڑھونگي اوسي وقت پوچھہ دونگي

نعیمہ ۔ اچھا پھر ڈولیون کو تو اڈّے پر اسي وقت کہلا بھیجو ورنہ شاید وقت پر نہ ملین

صالحہ ۔ نہ ملینگي تو ھمارے محلّے سے آجائینگي

نعیمہ ۔ اسمین دیر ھوگي

صالحہ ۔ کیا شادي مین جا رھي ھین کہ دیر ھوگي تو دلہن رخصت ھوجائیگي

نعیمہ ۔ نہین چلنا ھي تو بس [96] منہہ اندھیرے چلدین ۔ ننا ڈولي مین ڈرتا ھي

Chal-denâ is usually classed as an 'intensive,' but see Note 72 above (and Pincott's *Manual*, p. 143). A certain degree of *vehemence* characterises the compound in some cases, for instance, in *kah-denâ*, *rakh-denâ*, &c.; but duced.' N. had coaxingly called her cousin 'sister.' S., feigning anger, disdains the term, and addresses her in reply as *bîwî sâhib*.

[96] *Munh andhere chal-den*, 'Let us start at early dawn.' See Ch. I. 72.

صالحه ـ خیر اسي وقت کہلادیا جائیگا

اسکے بعد نعیمہ اور صالحہ دونون سو رهین ـ ابهي تارے چهٹکے هوے تهے کہ صالحہ اپنے معمول پر نماز صبح کے واسطے اٹهي اور نعیمہ اس وقت غفلت کي نیند مین پڑي سو رهي تهي ـ نماز سے فارغ هوکر صالحہ خالہ کے پاس جاکر کهڑي هوئي اور کها کہ بس خالہ جان اب مین جاؤنگي

خاله ـ این ایسي جلدي ـ [97] تم آگ لینے آئي تهین کیا آئین کیا چلین

صالحه ـ دس پندره دن بعد پهر آجاؤنگي

خاله ـ [98] ذرا نعیمہ کے مزاج کو ٹهکانے لگنے دیا هوتا

صالحه ـ وه بهي تو میرے ساتهہ جانے کو کهتي هین

خاله ـ سچ کهو

صالحه ـ مجهسے کهہ بهي دیا هي کہ تم پوچهہ لو

خاله ـ اسي کي مرضي هي یا تمنے صلاح دي هي

صالحه ـ خود انهین کي مرضي هي

خاله ـ بهلا کچهہ یہہ بهي کهتي تهین کتنے دن کیواسطے

صالحه ـ [99] دنون کي تعئین تو مجهسے نهین بیان کي

---

[98] *Zarrâ Na'ima ke mizâj ko thikâne lagne diyâ hotâ*, 'It would have been better if you had just given N.'s temper time to settle!' Or, optatively, 'Would that you had just given N.'s temper time to settle.' Comp. Note 4 above.

[99] *Dinon kî ta''în to mujh se nahîn bayân kî*, 'She mentioned no particular period to me.' *Ta''în*, 'appointing,' is a verbal of Form II. (from the root عين), the exact idea is rarely translateable. The example of *chat-denâ* traverses Kellogg's statement (§ 348*a*), that "*denâ* and *dâlnâ* can only be used with transitive verbs."

[97] *Tum âg lene â'î thîn kyâ â'în kyâ chalîn*, 'You came to get a light—no sooner come than gone.' The expression is proverbial, and applies to visitors who just look in and take their leave.

خاله ـ خیر اسنے دنون کي تعئین نهین کي تو [100] مین تمسے کهے دیتي هون کہ آتهہ دن سے زیاده [101] مت رکهنا ـ هماري بهن بیچاري غریب آدمي هین انکو تکلیف هوگي

صالحه ـ [102] اب جب انکا جي چاهے

خاله ـ تم لئے تو جاتي هو مگر اتنا تو کرنا کہ اسکو بهي نیك هدایت [103] دینا

صالحه ـ جهان تك مجهسے هوسکےگا سمجهاءُنگي اور انکو مولویون کے وعظ سنواؤنگي ـ [104] خدا کي ذات سے امید توهي کہ ضرور اثر هوگا

اسکے بعد صالحہ نے گهر کے نوکرون سے پوچها کہ ڈولیون کیواسطے رات کو جو کهلابهیجا تها آئین یا نهین ـ معلوم هوا کہ [105] ڈولیان توپ سے پهلے کي دروازے پر لگي هوئي هین ـ تب صالحہ کوٹهري کي

---

native society embodied in the Persian, *raftan ba-irâdat âmadan ba-ijâzat* (lit. 'to go by will, to come by leave').

[103] *Denâ* in the dependent clause here takes the *form* of *karnâ* in the principal. See remarks made at Note 33 above.

[104] *Khudâ kî zât se,* 'by God's grace.' See comment on the meaning of the word *zât* at Ch. I. 56.

[105] *Dûliyân top se pahle kî darwâze par lagî hûî hain,* 'The doolies, which were ordered to be here before gun-fire, are ready at the door.' Note the effectiveness of the explicative genitive. If the reply had been that 'the doolies were ready at the door before gun-fire,' we should have had, '*Top se pahle dûliyân darwâze par lagî hûî thîn.*

in which *hamza* represents the unsounded radical *ya*. Without *hamza*, the word would read *ta'aiyun*, Form V.

[100] *Main tum se kahe detâ hûn,* 'I tell you distinctly, or positively.' See p. 152 line 8 for the same expression. This particular usage of the past participle of the simple verb in combination with *dena* is noticed by Pincott (p. 159). Kellogg observes that it is a common form of the 'intensive' in the case of causal verbs (§ 347*a*). Comp. the phrase at p. 214, line 2, below.

[101] *Mat rakhnâ,* 'Do not keep her.' I notice this with reference to Ch. I. 153. Another instance occurs at p. 84, line 3.

[102] *Ab jab unkâ jî châhe,* 'She may go when she chooses.' This is in accordance with the rule of

طرف چلي اس غرض سے کہ نعیمہ کو جگائے اور اجازت کي خوشخبري سنائے دیکھا تو نعیمہ پلنگ پر نہین سمجھي کہ دوسرے قطعے مین [106] بچے کا ھاتھہ منھہ دھلاتي ہونگي مگر وھان بھي نعیمہ کو نہ پایا ـ معلوم ھوا کہ جب صالحہ خالہ کے ساتھہ باتین کر رھي تھي نعیمہ چپکے سے اُٹھہ بچے کولے [107] کھڑکي کي راہ ھوکر ڈیوڑھي مین جا سوار ھو بے رخصت ھوے چلدین ـ اب یہہ کیا موقع تھا کہ ڈولي واپس منگائي جاے ناچار صالحہ اکیلي خالہ کو سلام رخصت کرنے لگي ـ تو خالہ نے کہا اي لڑکي ایسي کیا بھاگڑ مچي ھي نعیمہ کو اٹھنے دو ناشتہ کھا پي لو تب جانا

صالحہ ـ آپا تو گئین بھي

خالہ ـ یہہ کب

صالحہ ـ جس وقت مین بعد نماز آپ سے باتین کررھي تھي اسي وقت وہ سوار ھوگئین

خالہ ـ کیسي چپکے سے نکلگئي کہ [108] مین نے اسے جاتے کو بھي نہ دیکھا

—or to some other room on the western side, and have thence passed unseen into the kitchen. The house-plan (App. B.) does not pretend to show all the rooms, but to give a general idea of the arrangement of the house.

[106] *Bachche kâ hâth munh dhulâtî hongî*, 'She must be getting baby's hands and face washed.' The tense is the 'present presumptive.'

[107] *Khirkî kî râh*, 'by the casement.' A window, or other opening from the kitchen into the *deorhî*, is probably intended. Fahmîda and her niece would be conversing in the *dâlân*, or on the *chabutra*, whence they could have seen a person passing out by the *deorhi* in the ordinary way. Na'îma may be supposed to have gone to the *abdâr-khâna* —where the water supply is kept

[108] *Main ne use jâte ko bhî na dekhâ*, 'I did not see her going even.' This expression is repeated in the next chapter with *usko* for *use*. See the remarks made at Note 11[a] above, on the construction of the *ism-i-fâ'il* in agreement with the *object* of a verb.

صالحه ۔ کھڑکي کي راه سے گئين

خاله ۔ تب هي ۔ مگر صالحہ تمنے ديکھا اسکا غصہ ۔ کتنا تمنے اسکے ساتھہ سر مارا مين ۔ باهر کھڑي هوئي تمهاري ساري باتين سنتي تھي ليکن اسکا يہہ اثر هوا کہ بےملے چلدين ۔ بھلا کهين ايسا بھي غضب هوا هي کہ بيٹي مان کے گھر سے يون چلے جائے ۔ اگر مين اسکي باتون پر جاؤن تو جيتے جي صورت نديکھون ليکن کيا کرون يہہ دل کمبخت نهين مانتا ۔ اس مزاج کي بدولت ان حالون کو تو پهونچگئي مگر ذرا اسکو خيال نهين مطلق اسکو پروا نهين ۔ ديکھئے کيا اسکي تقدير مين لکھا هي کيا اسکے نصيب مين بدا هي ۔ اسکے غم نے مجھکو تو کھاليا اور مين اسکے سوچ مين تمام هوگئي

صالحه ۔ آپ رنج نہ کيجئے اور دل کو سنبھالئے اب آپ نے ان باتون کا خيال کيا هي تو انشاءالله رفتہ رفتہ سب درست هوجائينگي ۔ يهي هي کہ کوئي اوپر کوئي سوير

نوان باب

نعیمہ تو صبح ہوتے گئي مگر کلیم رات هي کو گھر سے نکل کھڑا هوا - جب صالحہ ڈولي سے اتري لوگ اس سے [1] ملنے ملانے مین مصروف هوے [2] کلیم آنکھ بچا تو دروازہ کھول باهر - [3] اتنا بھي تو نکیا کہ رات کا وقت هي لاؤ کسي سے دروازے کیواسطے تو کہتا جاؤن - جب نعیمہ کو کھانا جا لیا سب گھروالے کھا پي کر فارغ هوگئے اور فہمیدہ سونے کے ارادے سے مکان مین آئي تو دیکھا کہ باهر کا دروازہ چوپٹ کھلا پڑا هي کلیم کو ادھر دیکھا ادھر دیکھا کہین پتہ نہین - سمجھي کہ موقع پاکر چلدیا لیکن اس وقت نہ تو کلیم اس ارادے سے گیا تھا کہ پھر نہ آئے اور نہ فہمیدہ کو ایسا گمان هوا - رات

[1] *Milne milâne men masrûf hûe*, 'were engaged in receiving.' The doubled verbal describes the reception of the visitor by the lady of the house and her servants—the *utarwânâ* of Ch. X. *init.*

[2] *Kalîm ânkh bachâ to darwâza khol bâhar*, 'Kalîm, unobserved, opened the door and was outside.' The abrupt terseness of the clause pictures the suddenness of the escape.

[3] *Itnâ bhî to na kiyâ kih*, &c., 'He did not even so much as say to himself, It is night-time: come, don't let me go without telling someone to shut the door.'

گئي تهي [+]زياده بات كا چرچا كرنا مناسب نہ جانكر سب لوگ سوسلا رهے

نصوح نماز پڑهكر مسجد سے واپس آ رها تها كہ اسكو گلي كے نكڑ پر نعيمہ كي اور ڈيوڑهي سے نكلتي هوئي صالحہ كي ڈولي ملي ـ كليم كي نافرمانيون پر غصہ تو اسے رات هي كو بهتيرا كچهہ آيا اور باربار اسكے دل نے چاها كہ اسي وقت ادهر يا ادهر جو كچهہ هو فيصلہ كردے ليكن چنددرچند باتون كے لحاظ سے وه زهر كا سا گهونٹ پي كر چپ هو رها اور مشكل سے اپني طبيعت كو اس بات پر رضامند كيا كہ پيام زباني كا اثر اور تحرير كا نتيجہ تو معلوم هوا ايك مرتبہ اور رودررو كهكر بهي ديكهلو اسپر بهي نہ سمجهے تو [5] اپنا سر كهائي ـ اس ارادے سے وه پهلے مردانے مكان مين آكر ٹهيرا اور جب كليم اسكو نظر نہ آيا تو اسنے نوكرونسے پوچها مگر كسي نے جواب صاف نديا ـ تب وه نوكرون پر خفا هوا كہ تم لوگ كيسے نالائق هو كہ مجهكو اس بدبخت كا ٹهيك پتہ نهين ديتے تم اپنے پندار مين اسكے حق مين خيرخواهي كر رهے هو مگر مين تمسے سچ كهتا هون كہ تمهاري رازداري نہ صرف اس كمنصيب كے حق مين زبون هي تمهارے حق مين بهي اسكا نتيجہ اچها نهين ـ مين جانتا هون كہ اسكي عادت اس قدر سويرے اٹهنے كي نهين هي ضرور هي كہ تمنے اسكو جگاكر كهين ٹال ديا هي ـ مين نے تمكو اپني آسايش كے لئے خاص خاص خدمتون پر مامور كر ركها هي اگر تمهاري وجہ سے ميرے انتظام خانداري مين خلل واقع هو تو تم ميرے نوكر نهين هو بلكہ دشمن هو

---

with the principal person of those indicated by *sab*.

[5] *Apnâ sir khâ'e*, lit. 'Let him eat his own head;' which corresponds to our phrase, 'On his own head be it!' or, 'Let him take the consequences.'

[+] *Ziyâda bât kâ charchâ karnâ munâsib na jânkar sab log sosulâ-rahe*, 'Thinking it unwise to continue the conversation, (she as well as the rest) all went to bed.' An apparent anacolouthon only, for *jânkar* agrees

ملازم نہین ہو بلکہ بدخواہ ہو۔ اگرمین اس ناشدني کو فرزندي سے عاق کرونگا تو تم سب کو بھي اسکے ساتھہ نوکري سے برطرف ۔ نصوح کا یہہ کلام سنکر علي‌ادني سب نوکر تھرّا اٹھے اور جو انمین سب سے زیادہ سلیقہ‌مند تھا دست بستہ‌ہوکر بولا کہ حضور کا عتاب غلامون کے سر و چشم پر مگر شب کو [6]مکان زنانہ رہا اور خانزادون کو اجازت هوئي کہ اپنے اپنے گھر جاکر سوئین اس وقت تک صاحبزادے صاحب گھر مین تشریف رکھتے تھے نمکخوارون نے صبح کو آکر انکا جمال نہین دیکھا جناب بیگم صاحب سے حضور اسکا حال دریافت فرمائین خانزادون سے ایسي کورنمکي نہوگي کہ حضور سے کوئي بات مخفي رکھین

یہہ سنکر نصوح اندرگیا اور حسب‌عادت سب لوگ سلام صبح کرنے کے واسطے جمع هوگئے ۔ فہمیدہ اس وقت تک تلاوت مین مصروف تھي مگر تھوڑي دیر مین فارغ هوگئي تو نصوح نے کہا کیون صاحب بي‌صالحہ گئین

فہمیدہ ۔ [7]کبھي کي گئین اب‌تک تو وہ گھر بھي پہونچ گئي هونگي

نصوح ۔ اور دوسري ڈولي کسکي تھي

فہمیدہ ۔ تمهاري بڑي صاحبزادي کي

نصوح ۔ من کر گئین یا بگڑکر

فہمیدہ ۔ کچھہ من کر کچھہ بگڑکر

نصوح ۔ یہہ کیا

[6] *Makân zenânâ rahâ*, 'None but women were in the house.' See Ch. VII. 49. The mixture of dignity and subservience in the servant's reply to his master's inquiry is true to life.

[7] *Kabhi kî ga'în*, &c., 'She went some time ago; in fact, by this time she will have got home.'

The usage of the *Alf-Laila* is invariably *kab kâ*, *kab kî*, &c., not *kabhi kâ*; e.g., p. 140, *woh to yahân se kab kâ bhâg-gayâ*.

فہمیدہ ـ صالحہ نے خدا اسکو جزاے خیر دے بہت کچھ سمجھایا اور آدھي رات تك اپنا سر خالي کیا بارے اسکے کہنے سے [8]انھون نے اپنا قہري روزہ تو افطار کیا لڑکے کو دودھ بھي پلایا ـ یھہ تو انکا منتا تھا بگڑنا یھہ کہ صبح کو بے ملے بے رخصت ھوئے ڈولي مین بیٹھہ چلدین ـ مین صالحہ سے باتین کرتي رھي مین نے اسکو جاتے کو بھي نہ دیکھا

نصوح ـ خیر انسے تو خدا نے سبکدوش کیا [9]اب صاحبزادے صاحب کي کہو وہ کہان ھین (سب چھوٹے بڑون نے کانون پر ھاتھہ رکھے کہ ھمکو مطلق خبر نہین) کب سے غائب ھین

فہمیدہ ـ [10]مغرب کے بعد سے برابر میرے پاس بیٹھا تھا مین اسکو سمجھاتي رھي تمھارا خط آیا اسکو پڑھا اتنے مین صالحہ کي ڈولي آ پھونچي مین اس سے باتین کرنے لگي [11] پھر لوگون کو کھانا دیا دلایا اسمین کوئي پھر ڈیڑھہ پھر رات چلي گئي سونے کو جو گئي تو دیکھا کہ مکان خالي پڑا ھي

نصوح ـ [12]الحمدللہ خس کم جہان پاك ـ لیکن مین تمسے پوچھتا ھون کہ اسمین کسکي خطا ھي میري یا اسکي

---

[8] *Unhon ne apnâ qahrî roza to iftâr kiyâ*, 'she broke her wrath-bound fast,' if we may use the expression. *Qahr kâ* is the commoner form of the adjective, in the same fashion as *balâ kâ* at Ch. II. 58. *Iftâr karnâ* in the sense of 'breaking fast,' is a purely Mohammedan expression. See, for the technical meaning, Ch. II. 28.

[9] *Ab sâhib-zâde sâhib kî kaho woh kahân hain*, 'Now tell me about Mr. Scion-of-the-house, where is he?' Though *sâhib-zâda* is a common enough term for a son, the expression as here used is sarcastic. *Bât* may be supplied after *kî*.

[10] *Magrab (kî namâz) ke ba'd se*, 'from after evening prayer,' (to the time indicated in what follows).

[11] *Phir logon ko khânâ diyâ dilâyâ*, 'Then I gave people their dinner or caused it to be given them.' The conciseness of this expression is inimitable in English. See Note 1 above.

[12] *Al hamdu li'llâhi khas kam jahân pâk*, 'Praised be God, the weeds are fewer, the world

فہمیدہ ـ خطا صریح اسي کي هے خواہمخواہ بهي تمهاري خطا بتادون [13] تمنے اسکو ایك دفعہ چهوڑ دو دو دفعہ بلایا خط لکها بس حد هوگئي ـ علیم نے بهتیرا سمجهایا مین نے بهت کچهہ کها سنا وہ اپني شاعري کے آگے کسکي سنتا هي تم تك جانے هي کي [14] اسنے هامي نہ بهري ـ مین نے کها تها کہ کهانے پینے سے فراغت هوکر پهر اسکے ساتهہ سر مارونگي اسي غرض سے مردانہ مکان مین پردہ کرایا مگر وہ پهلے هي سے نکل گیا ـ کوئي کیا کرے اپني اپني قسمت اپني اپني تقدیر

نصوح ـ جس طرح یہہ نالائق میرے ساتهہ پیش آیا نعیمہ نے تمهارے ساتهہ اسکا دسوان حصہ بهي نهین کیا

اسکے بعد نصوح نے منجهلے بیتے علیم سے کها [15] بهلا تمنے اسکے بچهونے یا کتابون مین تو دیکها هوتا شاید وہ کچهہ لکهکر رکهہ گیا هو ـ افسوس هي کہ اسکے نفس سرکش نے اسکو مجهہ تك نہ آنے دیا ورنہ مین تو هر طرح اسکے عذرات کو سننے اور اسکي وجوهات پر لحاظ کرنے اور معقولیت کے ساتهہ اسکو سمجهانے کے لئے موجود تها

For the idiomatic use of *chhor*, see Ch. I. 52.

[14] *Usne hâmî na bharî*, 'He refused consent.' For the origin of this phrase, see Ch. V. 55.

[15] *Bhalâ tumne uske bichhone yâ kitâbon men to dekhâ hotâ*, &c., 'Ah, had you only looked among his bedding or books—he may, perhaps, have left some written explanation.'

The apodosis is unexpressed, but the idea which was in the speaker's mind is clear from the appositive clause.

purer.' The *khas* is a species of pampas grass, which spreads fast and is extremely difficult to eradicate.

[13] *Tum ne usko ek daf'a chhor*, &c., 'You called him not once only, but actually twice—you wrote him a letter; all I can say is, you went beyond the mark.'

With the expression *hadd hogaʼi*, compare the conventional *ziyâda hadd-i-adab*, 'to say more would be beyond the bounds of etiquette,' which is the ordinary ending of letters from inferiors to superiors.

علیم ۔ یہہ بات میرے ذھن مین نہین گذري مگر مین اب انکي چیزون مین دیکھے لیتا ھون اگرچہ مجھکو اب بھي ایسي امید نہین ھي کہ وہ کچھہ لکھکر رکھہ گئے ھون کیونکہ [16] اگر لکھنا ھي انکو منظور ھوتا تو وہ آپ کے خط کا جواب ھي نہ دیتے ۔ دوسرے انکو اتني فرصت کہان ملي کل شام کو اس بات کا چرچا شروع ھوا اور مین جانتا ھون کہ صالحہ کے آتے ھي وہ تشریف لیگئے اس اثنا مین برابر مین انکے پاس تھا اور میرے چلے جانے کے بعد امّا جان

نصوح ۔ [17] پھر بھي مین اسکو داخل اتمام حجت سمجھکر چاھتا ھون کہ احتیاطاً اسکي چیزون مین دیکھہ لیا جاے ۔ چلو مین بھي تمھارا شریك رھونگا

باھر مردانے مین آکر نصوح نے نوکرون سے پوچھا کہ کلیم کا اسباب کس جگہہ رھتا ھي

نوکر ۔ حضور صاحبزادے صاحب نے دو کمرے لے رکھے ھین اس دکھن والے کمرے کا نام انھون نے (بچے ھي تو ھین) عشرت منزل رکھہ چھوڑا ھي جب انکے ھمجولي آتے ھین تو سب اسي کمرے مین بیٹھکر [18] کھیلا اور باتین کیا کرتے ھین اتر والے کمرے کو خلوتخانہ فرمایا کرتے ھین اسمین انکے پڑھنے لکھنے کي کتابین وغیرہ ھین

---

[16] *Agar likhnâ hî unko manzûr hotâ*, &c. 'Had he wished to write at all, it would not have been in answer to your letter.' The position of the second *hî* gives the clue to the speaker's meaning; in actual utterance the tone of the voice would have sufficed.

Nothing short of hearing this tale properly read aloud will enable the student to appreciate the force and terseness of the dialogue.

[17] *Phir bhî main isko dâkhil-i-itmâm-i-hujjat samajhkar*, &c. 'All the same, thinking it a matter which concerns the end of the dispute, I wish a careful search to be made among his things.'

See Ch. VI. 88; and for the impersonal use of the passive verb, see Ch. VIII. 84, &c.

[18] *Khelâ (karte hain) aur bâten kiyâ karte hain*, 'They make a practice of playing and conversing.' Ch. I. 42.

نصوح عشرت‌منزل اور خلوت‌خانہ کا نام سنکر چوکنّا هوا اور اسنے نوکرون سے کہا ـ اچھا پہلے اس عشرت‌منزل کو کھولو ـ چنانچہ عشرت‌منزل کھولا گیا تو ایك تکلف‌خانہ تھا کمرے کے بیچ مین چوکیون کا فرش اسپر دري اسپر سفید چاندني اس خوش‌سلیقگي کے ساتھہ تني هوئي کہ کہین دھبے یا سلوٹ کا نام نہین ـ [19] صدر کي جانب گجرات کا نفیس قالین بچھا هوا گاؤتکیہ لگا هوا ـ سامنے اگالدان لب قالین پیچوان چوکیون کے گرداگرد کرسیان تھین تو لکڑي کي لیکن آئینہ کي طرح صاف اور چمکتي هوئي ـ [20] چھت مین پتاپتي کي گوٹ کا پنکھا لٹکا هوا هلانے کیواسطے نہین بلکہ دکھانے کے لئے اسکے پہلوؤن مین جھاڑ جھاڑون کے بیچ بیچ مین رنگ‌برنگ کي هانڈیان ـ چھت کیا تھي بلا مبالغہ آسمان کا نمونہ تھا جسمین پنکھا بجاے [21] کہکشان کے تھا جھاڑ بمنزلہ آفتاب اور ماهتاب اور هانڈیان هوبهو جیسے ستارے ـ چھت کے مناسب حالت دیوارین تصویرون اور [22] قطعات اور دیوارگیریون سے آراستہ تھین

نصوح اس ساز و سامان کو تھوڑي دیر ایك سکتے کے عالم مین کھڑا دیکھتا رها ـ اسکے بعد ایك آہ کھینچکر بولا کہ افسوس کتنني دولت خداداد اس بیهودہ نمایش اور تکلف اور آرایش مین ضائع کي گئي هي [23] کیا اچھا هوتا کہ یہہ روپیہ محتاجونکي امداد اور

[19] *Sadr ki jânib*, 'At the upper side (or end) of the room,' the chief place or place of honour, often distinguished by a daïs.

[20] *Chhat men patâpati kî got kâ pankhâ latkâ hûâ*, 'A lace-fringed *pankhâ* was suspended from the ceiling.' The *patâpati* is the stiffening cloth attached to the wooden frame of the pankhâ.

[21] *Kah-kashân*, 'milky way,' or 'galaxy,' literally, 'straw-dragging'; so called from a fancied resemblance to the track of a bundle of straw dragged across the grass. The Hindûs have the picturesque term *âkâs-gangâ*, 'ethereal Ganges.'

[22] *Qit'ât*, 'verses,' in the form of specimens of wit or penmanship, generally fixed on pasteboard for hanging on the walls of rooms.

[23] *Kyâ achchhâ hotâ*, &c., 'How

غریبون کي کاربراري مین صرف کیا جاتا ـ اسکے بعد اسکي نگاہ
مقابل صدر جا پڑي تو کیا دیکھتا ھي کہ آمنے سامنے دو میزین لگي
ھین ایك پر گنجیفہ شطرنج چوسر تاش کھیل کي چیزین [24] اور
ارگن باجے رکھے تھے دوسري پر گلدان اور عطردان وغیرہ کے
علاوہ ایك نہایت عمدہ طلائي جلد کي موتي سي کتاب ـ نصوح نے
نہایت شوق سے اس کتاب کو کھولا تو وہ تصویرون کا البم تھا مگر
تصویرین کسي عالم حافظ درویش خداپرست کي نہین ـ مکھوا
پکھاوجي ـ تان رس خان گویا ـ میر ناصر احمد بین نواز ـ صمد خان
پہلوان ـ کھلونا بھانڈ ـ حیدر علي قوال ـ ننھوا ھیجڑا ـ قاري محمد علي
پھکڑ ـ عدو جواري ـ اس قسم کے لوگون کي ـ شیشہ آلات کي وجہ
سے نصوح نے دیوار والي تصویرون کو بغور نہین دیکھا تھا اب البم کو
دیکھکر اسے خیال آیا آنکھ اٹھاکر دیکھتا ھي تو وہ تصویرین اور
بھي بیہودہ تھین [25] قطعے اور طغرے اگرچہ انکا [26] سواد خط پاکیزہ تھا
مگر مضمون و مطلب دین کے خلاف مذھب کے برعکس

our monogram. Not merely letters, but words and titles, are interwoven and combined.

> Within this circle is Jehovah's name.
> Forward and backward anagrammatized.
>
> *Marlowe's Faustus.*

Lithograph newspapers in Upper India are commonly headed by a *togrâ*, which indicates the title, but can only be read by an expert. The *togrâ* also frequently takes the place of the effigy on the coinage of Mohammedan countries, Turkey for instance.

[26] *Sawâd-i-khatt*, lit. 'blackness of writing,' one of the technical requisites of a bold clear hand.

well it would have been if this money had been spent in help and succour to the poor and indigent.' The 'past conditional' active and passive.

[24] *Argan-bâje*, 'musical boxes.' *Argan* is a Persian word, obviously of Greek origin, meaning instrument or mechanical contrivance. *Bâjâ* means a musical instrument, and among Europeans in India stands for the piano and harmonium, or even the regimental band.

[25] *Qit'e aur togre*, 'verses and monograms.' The *togrâ*, in the sense in which it is used here, is a far more skilful and ingenious feat of penmanship than

نصوح نے وهین سے ایك میر فرش اٹھاکر [27] ان سب کي خبر لیني شروع کي اور ہات کي بات مین کلّ چیزون کو توڑ پھوڑ برابر کیا اور جو کچھہ باقي رها اسکو صحن مین رکھہ آگ لگادي اور نوکرون کو حکم دیا کہ اچھا اب خلوتخانہ کھولو۔ اسمین تکلف کے معمولي ساز وسامان کے علاوہ کتابون کي ایك الماري تھي۔ دیکھنے مین تو التي جلدین تھین کہ انسان انکي فہرست لکھني چاهے تو سارے دن مین بھي تمام نہو لیکن کیا اُردو کیا فارسي سب کي سب کچھہ ایك هي طرح کي تھین جھوٹے قصے بیهوده باتین فحش مطلب لچّے مضمون اخلاق سے بعید حیا سے دور۔ نصوح ان کتابون کي عمدگي خط کي پاکیزگي کاغذ کي صفائي عبارت کي خوبي طرزادا کي برجستگي پر نظر کرتا تھا توکلیم کا کتاب خانہ اسکو ذخیرۂ بے بہا معلوم هوتا تھا مگر معني ومطلب کے اعتبار سے هر ایك جلد [28] سوختني اور دریدني تھي۔ اسي تردد مین اسکو دو پہر هوگئے کئي مرتبہ کھانے کے لئے گھر سے اسکي طلب هوئي مگر اسکو فرصت نہ تھي۔ باربار کتابون کو الٹ الٹ کر دیکھتا تھا اور رکھہ رکھہ دیتا تھا آخرکار یہي راے قرار پائي کہ انکا جلادینا هي بہتر هي چنانچہ اس الماري کي کتابین لکڑي کنڈے کیطرح اوپر تلے رکھہ آگ لگادي

The suburbs of the towns of Palestine were of this description. See Num. xxxv. 3.

[27] *In sab kî khabar lenî shurû' kî*, 'began to look after all these things.' An example of the figure *litotes*, where more is meant than is said. The *thîk banânâ* of p. 93, line 4 is another.

[28] *Sokhtanî aur darîdanî*, 'fit for burning and tearing up.' We have already had examples of this Persian verbal in *dâdnî* and *shudanî*. See Platts, § 91 (4).

The importance of penmanship will be understood from the fact that the bulk of native press work in Upper India is lithographic. European type of the kind in which this book is printed is both disliked and avoided, and rightly, for a good lithograph is far more elegant and legible.

The word *sawâd* commonly means the 'suburbs' or outskirts of a town, which in the East consist of the huts and sheds of the poorer classes, and have the appearance of a *dark* belt or fringe.

هوتا هي اسي طرح مولانا صاحب ادام الله فيوضهم نائب الرئيس هين

كليم ـ مين انكي خدمت مين جا سكتا هون

مولوي صاحب ـ [32] لا باس بهٖ

غرض كليم صدر اعظم صاحب كي خدمت مين گيا تو وہ اسكي نظر مين كچهه بهي نہ جچے ـ يهہ سمجها تها كہ وزير اعظم اور نائب الرئيس هين تو بڑے كرّ و فرّ كے ساتهہ هونگے وهان جاكر ديكها كہ [33] ولايتي نما ايك بڑهے سے مولوي هين وراثت كا ايك جهگڑا انكے روبرو درپيش هي اور بيٹهے اپنے هاتهہ سے [34] حساب مناسخہ لگا رهے هين ـ كليم كو ايك اجنبي صورت ديكهكر انهون نے بيٹهنے كا اشارہ كيا اور كها كہ ان لوگون سے فارغ هون تو آپ سے بات كرون ـ جب تك مقدمہ پيش رها كليم غور سے ديكهتا اور سنتا رها مولوي صاحب [35] بلا كي موشگافيان كررهے تهے تب تو كليم نے سمجها كہ واقع مين يهہ شخص بڑي پايگاہ كا آدمي هي اور منصب وزارت كے قابل هي ـ بلرے جب مقدمہ طي هوچكا تو صدر اعظم صاحب كليم كي طرف مخاطب هوئے كہ هان حضرت فرمائيے

this same root. Students who have paid attention to the various forms of Arabic verbals which are current in Urdû, will also identify مولوی or ملا مولوی and مولی مولانا as derivatives from the same root.

[34] *Hisâb-i-munâsakha*, 'accounts relating to division of inheritance.' The word is derived from the root نسخ which means 'copying,' and is technically used to describe the putting in of documents or copies of documents, by the parties in a disputed will.

[35] *Balâ kî mû-shigâfiyân*, 'tremendous hair-splittings.' See Ch. I. 126.

wâb is an intensive form of the agent from the same root. There is sad blundering over this in a note at p. 40 of Stephen's *Story of Nuncomar*, vol. i. (1885).

[32] *Lâ bâsa bihi* (Arabic), 'There is no harm in it.'

[33] *Wilâyatî-numâ*, 'foreign-looking.' The Arabic *wilâyat*, lit. 'realm,' from the root ولی 'to be master of,' signifies 'a foreign realm' in the Indian vernacular, and now-a-days is chiefly used to designate England. The word ولیّ p. 281, last line, and والی p. 109, line 19, are agents from

نصوح کا یہ برتاؤ دیکھکر اندر سے باہر تک تہلکہ اور زلزلہ پڑگیا علیم دوڑا دوڑا جا اپنا [29] کلیات آتش اور دیوان شرر اٹھالایا اور باپ سے کہا کہ جناب میرے پاس بھي یہ دو کتابین اسي طرح کي هین - نصوح نے ان کتابون کو بھي دو چار جگہ سے کھولکر دیکھا اور کہا کہ واقع مین انکے مضامین بھي جہانتک مین دیکھتا هون برے اور بیہودہ هین لیکن تمھاري نسبت مجھکو خدا کے فضل سے اطمینان هي چاهو تو اپني کتابون کو رهنے دو اگرچہ انکا مطالعہ میرے نزدیک خالي از معصیت نهین هي

علیم - کتاب جبکہ دیکھنے اور پڑھنے کے لائق نهین تو اسکا رکھنا بے سود بلکہ خطرناک هي بہتر هوگا کہ [30] انکو بھي جلادیا جاے

نصوح - شاید تم میري خاطر سے کہرهے هو اور تمکو پیچھے تاسف هو

علیم - مجھکو هرگز تاسف نهوگا بلکہ خوشي هوگي - جلائي جاے وہ عمدہ نصیحت کي کتاب جو مجھکو پادري صاحب نے دي تھي اور رهین یہ خرافات - مین جانتا هون کہ بھائي جان کي کتابون پر یہ اسي پادري صاحب والي کتاب کا وبال پڑا - ڈرنے کا مقام اور عبرت کي جگہ هي

نصوح - لیکن کیا ضرور هي کہ تمھاري کتابین بھي اس وبال مین داخل هون

---

end of each distich throughout the poem. All odes which end in *â* stand first in the *dîwân*, then those in *bâ*, and so on throughout the alphabet.

[30] *Inko bhî jalâ-diyâ jâe*, 'Let these too be burned.' See the remarks made upon this construction at Ch. IV. 40.

[29] *Kulliyât-i-Âtish*, 'the complete works of Atish,' who, like Sharar, was a poet of Lucknow in the period immediately antecedent to the annexation.

A *dîwân* is a collection of odes (*gazal*). In a *gazal* the first line gives the rhyming word, which is repeated or re-echoed at the

علیم ـ [31] انکے نام بھي جلنا جلنا پکارتے ھین ـ ارشاد ھو تو جھونك دون

نصوح ـ تمھاري یہي مرضي ھي [32] تو بسم الله

علیم نے آتش کو دھکتي آگ اور شرر کو جلتے انگارون مین پھینکدیا ـ علیم کي دیکھادیکھي میان سلیم نے بھي واسوخت امانت لا باپ کے حوالے کي اور کہا کہ ایك دن کوئي کتاب فروش کتابین بیچنے لایا تھا بڑے بھائي جان نے [33] فسانہ عجائب قصہ گل بکاولي آرایش محفل مثنوي میر حسن مضحکات نعمتخان عالي منتخب غزلیات چرکین ھزلیات جعفر زٹلي قصائد ھجوئیہ مرزا رفیع السودا دیوان جانصاحب بہاردانش با تصویر اندر سبھا دریاے لطافت میرزا انشاءالله خان کلیات رند وغیرہ بہت سي کتابین اوس سے لي تھین ـ مین بھي بیٹھا ھوا تھا مجھکو دیکھکر بولے کیون سلیم تم بھي کوئي کتاب لوگے ـ مین نے کہا جو آپ تجویز فرمائین ـ وہ بولے ـ

---

and the *Daryâe Latâfat* (Ch. VII. 10). The latter is an Urdû Grammar by a Lucknow poet, who naturally makes Lucknow usage the test of correctness. The concluding section of the treatise is devoted to the explanation of idiomatic phrases and indelicacies. Of the rest of the works, the *Masnavî* of Mîr Hasan, and the satires of Saudâ, notwithstanding some occasional coarseness, are worth reading. A quaint ingenuity of illustration is the characteristic of the latter, and he requires an interpreter. The *dîwân* of Jân Sâhib, a Lucknow poet, is full of ribaldry, much of which is couched in *zenâna boli*. The *Indra Sabhâ* is a versification of the amours of Hindû deities from the Purâns.

[31] *Inke nâm bhî jalnâ jalnâ pukârte hain*, 'Their very names cry out Burn! Burn!' *Âtish* means 'fire' (*âg*), and *Sharar* 'burning charcoal' or 'hot embers' (*angâr*). These synonyms are given a few lines below.

[32] *To bismillah!* 'Then do it in God's name.' Ch. II. 94.

[33] The works named in this passage are fair average specimens of a book-hawker's stock-in-trade. The three first are prose romances of the *Bâg-o-Bahâr* type, which convey an altogether false impression of native life in India, and are of little or no help to the student in acquiring a practical knowledge of the language. The other prose works named are the *Bahâr-dânish* illustrated (Ch. VI. 21)

کونسي کتاب تمکولےدون يهہ کتابين جو مين نے لي هين اول تو ميرے
شوق کي هين دوسرے تمکو انکا مزا نهين مليگا ـ کتاب والے کي
ساري گٹهري مين سے يهہ واسوخت اور ديوان [34] نظير اکبرآبادي دو
کتابين انهون نے ميرے لئےنکالين اور کها کہ واسوخت تو خير مگر
يهہ ديوان بڑي عمده کتاب هي ميان هدهد کے اشعار آج تك کسينے
جمع نهين کئے تهے اسکے حاشيے پر وه بهي هين ـ چونکہ بهائي
جان نے ديوان کي بهت تعريف کي تهي مين نے اسکو نهايت شوق
سے کهولا تو پهلے هي [35] چوهون کا اچار نکلا اسکے مضمون سے ميري
طبيعت کچهہ ايسي کهٹي هوئي کہ مين نے دونون کتابين پهيردين
مگر [36] بهائي جان نے يهہ واسوخت زبردستي ميرے سر مڑهي ـ ايك
دن اتفاق سے حضرتبي کے بڑے نواسے نے اسکو ميرے جزودان مين
ديکهکر پوچها کہ آها ميان سليم [37] تم تو بڑے چهپے رستم نکلے تمکو

---

[34] *Nazîr Akbarâbâdî*, 'Nazîr of Akbarâbâd' (Agra). Sheikh Walî Mohammed (*takhallus* Nazîr) was well known in Agra during the first quarter of the century, and was much respected for the integrity and independence of his character. He lived at Tajganj, but kept a school in Mai Thân, one of the chief *bazars* in Agra. A friend, whose family has long been resident there, tells me one of his fads was to *salâm* to every creature he met during his daily walk to and from the city. He was a Sûfî, and seems to have been indifferent to literary fame.

[35] *Chûhon kâ âchâr*, 'pickled rats.' This piece, which is a mere *jeu d'esprit*, stands as No. 52 in the fourth volume of the published poems (Agra, 1865). The disgust of the boy expresses the view generally taken of Nazîr's poetry by native *literati*; but the circumstance that he writes of common things in a natural style at once commends Nazîr to the European scholar. Fallon's eulogy (Preface to Dictionary) is, however, extravagant.

[36] *Bhâ'î-jân ne yeh wâsokht zabardastî (se) mere sir marhî*, 'My brother saddled me by force with this *wâsokht*'; *lit.* covered my head with it. The *wâsokht* is a form of verse in which the burning Sapphos and Anacreons of the East air their grievances. Amânat's *wâsokht* is one of the most esteemed specimens.

[37] *Tum to bare chhipe Rustam nikle*, 'You have turned out a fine Rustam on the sly.' The expression is generally complimentary; here it means that the boy was trying to be a man before his time.

ایسي کتابون کا بھي شوق هي - مین بولا مجھکو بھائي جان نے لے دي هي کیون کیا یہ کتاب اچھي نہین - جواب دیا کہ اچھي بري تو مین نہین جانتا لیکن اگر نانی امّا دیکھہ پائینگي تو شاید هم لوگون کو تمھارے پاس اُتھنے بیتھنے کي ممانعت کرین - بھلا کوئي ایسي گندي باتون کي کتاب بھي پڑھتا هي - تب سے مین نے اس کتاب کو لاکر ردي مین ڈالدیا تھا آج مجھکو یاد آگئي تو مین نے کہا یہ بھي اپني مراد کو پہونچ جائے

جب کلیم کا خرمن عیش و عشرت جل بھنکر خاک سیاہ هولیا تو نصوح اندر گھر میر گیا اور بیوي نے اس سے پوچھا کیون جس پرچہ کي جستجو تھي ملا

نصوح - نہین پرچہ تو نہین ملا لیکن میرا مطلب حاصل هوگیا - مجھکو اس بات کي تلاش تھي کہ کلیم کے دلي خیالات معلوم کرون کہ آخر اسکو جو اسقدر گریز هے کہ میرے پاس تک آنے سے بھي اسنے انکار کیا تو اسکي وجہ کیا هي

فہمیدہ - پھر تمنے کیا وجہ دریافت کي

نصوح - وجہ کیا دریافت کي اسکي ساري حقیقت معلوم هوگئي بلکہ [38] شاید رودررو گفتگو کرنے سے بھي یہہ بات پیدا نہ هوتي جو مجھکو اب حاصل هي

فہمیدہ - آخر کچھہ مین بھي سنون

نصوح - مین نے اسکے عشرت منزل اور خلوتخانے کو دیکھا اور اسکے کتاب خانے کي سیر کي

فہمیدہ - عشرت منزل اور خلوتخانہ کیسا

---

[38] *Shâyad rû-dar-rû guft-gû karne se*, &c., 'Probably not even a personal interview would have produced the information which I have now obtained.' Here the 'condition' is implied — 'if a personal interview had taken place.'

نصوح - تم تو کچھ مجھ سے بھي زيادہ بيخبر ھو آج تك تمکو يہ بھي معلوم نہين کہ صاحبزادۂ بلنداقبال نے دو کمرے اپنے واسطے خاص کر رکھے ھين ايك کا نام عشرت منزل رکھ چھوڑا ھي اور دوسرے کا خلوتخانہ - جس کمرے مين اونکے [39] شياطين الانس جمع ھوتے ھين وہ عشرت منزل ھي اور جہان استراحت فرماتے ھين وہ خلوتخانہ اور اسي خلوتخانے مين کتاب خانہ بھي ھي

فہميدہ - اتني بات تو مين بھي جانتي ھون کہ کليم نے دو کمرے لے رکھے ھين مگر عشرت منزل اور خلوتخانہ مين نے آج ھي سنا ھي

نصوح - تمنے ان کمرون کو اندر سے بھي ديکھا

فہميدہ - نہين مردانے مين کبھي کاھيکو جانے کا اتفاق ھوتا ھي - کل رات البتہ عليم کے اسرار سے پردہ کرواکے گئي تھي

نصوح - خوب ھوا کہ تمنے ان کمرون کو نديکھا - اب مين ان کمرون کي تمامتر تفضيح تمسے کيا بيان کرون - بس مولانائے روم [40] قدس اللہ سرۃ العزيز کا شعر

[41] از برون چون گور کافر پر حُلل ‏ ‏ ‏ اندرون قہر خداے عزّ وجلّ

[42] گويا انھين کمرون کي شان مين ھي - [43] ظاھر آباد باطن خراب

---

[39] *Shayâtînu-l-uns*, 'evil genii.' The expression is not uncommon in the Qoran. See, for example, Sura xli. The word *shaitân* signifies 'evil spirit,' not 'Satan' in our sense of the word. For this form of plural, see Platts, § 125 (11).

[40] Arabic benediction, 'May God bless his dear grave.'

[41] Translate: 'outside, like an infidel's tomb, decked with fine robes: inside, God's wrath—to Him be honour and glory!'

Hulal is the technical term for garments of the faithful in Paradise.

[42] *Goyâ unhîn kamaron kî shân men hai*, 'is, so to speak, applicable to those very rooms.'

[43] *Zâhir âbâd bâtin khrâb*, 'Signs of life without, rottenness within': a proverbial expression.

فہمیدہ ـ کوئي کہتا تھا کہ تمنے غصّے مین آکر[44] دیوانخانے مین آگ لگادي

نصوح ـ اگرچہ وہ مکان جسمین دوزخیون کے سے کام ہوتے ہین اسي قابل ہي مگر مین نے مکان مین تو آگ نہین لگائي

فہمیدہ ـ کچھہ دھوان سا تو مردانے مین ضرور اٹھہ رہا تھا

نصوح ـ وہ تو چند کتابین تھین جنکو مین نے بیہودہ سمجھکر جلادیا

فہمیدہ ـ ایسے غصے سے بھي خدا پناہ مین رکھے

نصوح ـ غصّے کي تو اسمین کوئي بات نہ تھي

فہمیدہ ـ کتاب کا جلانا غصّے کي بات نہین تو کیا عقل کي بات ہي ـ [45] مین نے تو سنا ہي کہ کاغذ کا جلانا بڑا گناہ ہي نہ کہ کتاب ـ لوگ کہین ذرا سا پرزہ پڑا پاتے ہین تو اٹھاکر آنکھون سے لگاتے ہین کتاب کو بھولے سے ٹھوکر لگجاتي ہي تو توبہ توبہ کرکے چومتے اور ماتھے چڑھاتے ہین

نصوح ـ تم سچ کہتي ہو مگر یہہ لوگونکي زیادتي ہي کاغذ بھي کپڑے کي طرح ایک بیجان چیز ہي کتاب کے عمدہ مضامین جنمین دینداري اور خداپرستي اور نیکوکاري کا بیان ہوتا ہي وہ البتہ قابل ادب ہین

---

by Fahmîda is due to the practice of writing 'Bismillah,' or mark to that effect, upon papers or at the commencement of books. I have known Mahomedan students write this word at the top of their examination papers. Many Hindûs inscribe the name of their god 'Ganesh' in the same way.

[44] The *diwân-khâna* is the public reception room in the men's quarters. It was probably here that Fahmîda's interview with her son took place the night before.

[45] *Main ne to sunâ hai*, &c., 'I have heard that it is very wrong to burn a paper, to say nothing of a book.' The superstitious reverence here expressed

فہمیدہ ـ [46] خیر کچھ ھي سہي مگر کتاب ھي تو ادب کي چیز پھر تمنے جلائي کیون

نصوح ـ جن کتابون کو مین نے جلایا انکے مضامین شرك اور کفر اور بیدیني اور بیحیائي اور فحش اور بدگوئي اور جھوٹھ سے بھرے ہوے تھے

فہمیدہ ـ کتابون مین ایسي بري بري باتین بھي ہوتي ھین

نصوح ـ کتابین بھي آدمي بناتے ھین اور آدمي ایسا مخلوق سرکش ھي کہ اسنے تمام دنیا مین بدي اور خدا کي نافرماني پھیلا رکھي ھي ـ کیا تم شعر اور شاعري کے نام سے واقف نہین ھو

فہمیدہ ـ واقف کیون نہین ـ کتابون مین اکثر شعر ھوتے ھین مگر انمین تو کوئي بري بات دیکھنے مین نہین آئي ـ سنتي ھون کہ کلیم کو شعر بنانے کا بڑا شوق ھي اور مردون مین یہہ بڑي تعریف کي بات گني جاتي ھي

نصوح ـ شاعري اپني ذات سے بري نہین بلکہ اس اعتبار سے کہ زباندانی کي عمدہ لیاقت کا نام شاعري ھي ضرور تعریف کي بات ھي لیکن لوگون نے ایك عام دستور قرار دے رکھا ھي کہ اس لیاقت کو ھمیشہ برے اور بیہودہ خیالات مین صرف کرتے ھین اسوجہ سے دیندارون کي نظر مین شاعري عیب و گناہ ھے ـ [47] اب شاعري اسیکا نام ھي کہ کسي کي ھجو کہئے کہ وہ داخل غیبت

---

you satirize a person, which is a form of slander,' &c.

The aorists in this passage are in the form of the precative (see Ch. VI. 10). I give here illustrations for each of the three forms of the precative, taken from the *Alf-Laila*.

(1) *Itne dirhem pākar soch*

[46] *Khair kuchh hî sahî magar*, &c., 'Well, granting that something at least of what you say is true, a book is a book, and a thing to be respected. Why, then, did you burn them?' See Ch. VII. 69.

[47] *Ab shâ'erî*, &c., 'Now-a-days it goes by the name of poetry if

هي يا مدح بيجا لكهئے كہ وہ كذب و بطالت هي يا عشق و عياشي
كے ناپاك خيالات مين كوئي مضمون سوچئے كہ وہ خلاف شريعت
هي يا مسائل دين اور اهل دين كے ساتھ تمسخر و استهزا كيجئے كہ وہ
كفر و معصيت هي

فہميدہ ۔ يہ مجھكو آج معلوم هوا كہ پڑھنے لكھنے كي چيزون مين
بھي لوگون نے خرابيان پيدا كي هين

نصوح ۔ [48] كيا تمكو اپنا گلستان پڑھنا ياد نهين

فہميدہ ۔ ياد كيون نهين ۔ [49] جسدن حميدہ كا دودھ چھڑايا
اسكے اگلے دن مين نے گلستان شروع كي تھي

---

men parâ kih is se kyûnkar tijârat kîji'e aur pahle kyâ jins mol-lîji'e (p. 197), 'Having come into the possession of such a large sum of money, he fell a-thinking how to trade with it, and what kind of goods he should buy first.'

(2) *Agar kisî trah kî azîyat usko dîji'egâ goyâ woh azîyat mujko hogî* (p. 298), 'If you maltreat him in any way, it will be the same thing as maltreating me.'

(3) *Jo amr kih khilâf-i-ma'-mûl us se dekhiyo fi'lfaur uski ittilâ' mujse kîjiyo* (p. 297), 'If you see him do anything unusual, send me notice of it at once.'

Note the appropriateness of the usage of the futuristic precatives in the second and third of these examples.

[48] *Kyâ tum ko apnâ Gulistân parhnâ yâd nahîn,* 'Don't you remember your reading the *Gulistân?*' This sentence is a useful illustration of the remarks made at Ch. III. 20. *Apnâ* agrees with *parhnâ*, and the genitive particle *kâ* is dropped after *Gulistân.* The alternative construction would be *apnî Gulistân parhnî.*

[49] *Jis din Hamîda kâ dûdh chhurâyâ,* &c., 'I began the *Gulistân* on the day after I weaned Hamîda.'

Uske agle din, lit. 'on its next day.' See Ch. VI. 6, where *uske* is said to be equivalent to *uske ta'ín.* No doubt it is so in such phrases as *uske chot lagî, uske sû'î chubhî,* &c., but in the expressions under notice, which deal with lapse of time, *uske* may be equally well held to be a genitive objectively dependent upon *din.* Compare the following from the *Alif-Laila* (p. 168), *Aj ke dasuen din tumhârî rasmen shâdî kî kar-dî-jâ'enge,* 'Your marriage shall be celebrated on the tenth day from this.'

نصوح - بھلا تمکو یہہ بھي یاد ھي کہ مین تمھارے سبق سے آگے
آگے جابجا سطرون کي سطرون پر سیاھي پھیردیا کرتا تھا بلکہ بعض
دفعہ صفحے کے صفحے ایسے آ پڑے کہ مجکو اوپر سے سادہ کاغذ
لگاکر انکو چھپانے کي ضرورت ھوئي

فہمیدہ - خوب اچھي طرح یاد ھي - چوتھائي کتاب سے کم تو
کٹي ھوگي

نصوح - تو پڑھتي تھیں تب چوتھائي بھي کٹي [50] اگر کوئي
دوسري عورت یا لڑکي پڑھتي ھوتي تو مین آدھي کي خبر لیتا -
وہ تمام بیہودہ باتین تھین جنکو مین کاٹتا اور چھپاتا پھرتا تھا

فہمیدہ - [51] سچ کہو لو مین سمجھي مشکل جانکر چھڑوادیتے
ھین

نصوح - بڑي مشکل یہہ تھي کہ مین ان واھي اور فحش باتون کو
تمھارے روبرو بیان نہین کرسکتا تھا - پھر یہہ اس کتاب کا حال ھي
جو پند و اخلاق مین ھي اور تصنیف بھي ایسے بزرگ کي ھي کہ کوئي
مسلمان ایسا کمتر نکلے گا کہ انکا نام لے اور شروع مین حضرت اور
آخر مین [52] رحمۃ اللہ علیہ یا قدس اللہ سرہ العزیز نہ کہے - یعني انکا

---

our author feel, that a work on morals written six or seven centuries ago should still be the *vade mecum* of Moslem education.

[51] *Sach kaho lo main samjhî*, &c., 'Really! I declare I thought you made me omit these parts because you considered them too difficult!'

The causal is in the present tense, being descriptive of F.'s idea at the time.

[52] Arabic, 'God's mercy on him!' *or*, 'God bless his dear grave!'

[50] *Agar koî dûsrî 'aurat yâ larkî parhtî hotî*, &c., 'If any other woman or girl had been reading the book, I would have cut out half the text.' For the tense, see Ch. V. 35. The past conditional in this form occurs only twice in this tale, against twenty-three examples of the third form. The first form occurs over 170 times.

Nazîr Ahmed refers, of course, to native editions of the *Gulistân*, but even so "half the text" is an exaggeration. It is not a little strange, as others besides

اعتداد اولیاءالله مین هي ـ اور جو کتابین مین نے جلائین کتابین
کاهیکو تهین گالي پهکڑ هزلیات بڑبکواس هزیان خرافات ـ مین نهین
جانتا انمین سے کونسا نام انکے لئے زیاده زیبا هي

فهمیده ـ مگر جلانا کیا ضرور تها [53] پڑي رهنے دي هوتین یا
بك بکا جاتین ـ آخر دامونکي چیز تهي

نصوح ـ [54] شاید اگلي گرمیون کا ذکر هي کہ بدررو مین سانپ
نکلا تها اور اسکو دیکهکر چهوٹے بڑے سب ایسے خوف‌زده هوگئے
تهے کہ [55] صحن کا نکلنا بیٹهنا چهوڑدیا تها اور کیسا کچهہ تقاضا تها کہ
جس طرح هوسکے سانپ کو پکڑواکر مارڈالنا چاهئے ـ سانپ کي
نسبت تمنے هرگز نهین کها کہ پڑا بهي رهنے دو یا شاید کوئي سنپیرا
دو چار ٹکے پیسے دیکر مول لیجائیگا ـ مین تمسے سچ کهتا هون کہ
یهہ کتابین اس سانپ سے زیاده موذي اور اس سے کهین زیاده
خطرناك تهین اور انکي قیمت چوري اور ٹهگي کے مال سے بڑهکر
حرام ـ [56] کلیم کو اور پهٹکار کیا هي اسي سانپ کا زهر اسکو چڑها
هوا هي اور شیطان نے یهي منتر اسپر پڑهکر پهونك دیا هي

[53] *Parî rahne-dî hotîn*, &c., 'It would have been better to have let them lie as they were, or have disposed of them; anyhow, they were a thing which cost money.' Comp. Ch. VIII. 4. The union of the simple and causal verbs *bik-jânâ* and *bikâ-jânâ*, 'to be sold' and 'to offer for sale,' is another illustration of the idiom noticed at Ch. I. 95.

Dâmon kî chîz, 'a purchased article.' Compare with this the phrase *be-dâmon kî laundî*, 'an unbought slave-girl' (*Binâtu-n-Nâsh*, p. 6).

Thî agrees with the nearest noun—a leading principle of Hindûstanî syntax. See Ch. IV. 9.

[54] *Shâyad aglî garmiyon kâ zikr hai*, 'I think it is a story of last hot season.' Comp. the use of *tazkira* at Ch. XI. 7.

[55] *Sahn kâ nikalnâ baithnâ chhor-diyâ thâ*, 'they had given up going into or sitting in the court-yard.' The genitive is here objective, and, taken in connection with the nouns of action, indicates *the practice of*. *Men* for *kâ* would have been less forcible.

[56] *Kalîm ko aur phitkâr kyâ hai*, '(These books) are Kalîm's great curse'—an assertion in the interrogative form.

For the origin of the term *phitkâr*, see Ch. V. 11.